روزانہ روحانی مطالعہ

شمارہ 3

جولائی – اگست – ستمبر

2023

# GoodNews

## DAILY FOR KIDS

URDU

**مفت**


**فروخت نہ کیا جائے**

اس روحانی مطالعہ کی قیمت کی پیشگی ادائیگی ہمارے شراکت داروں کی طرف سے کی جا چکی ہے تاکہ اسے مفت تقسیم کیا جا سکے۔

وہ خوشخبری جو دور کے ملک سے آئے ایسی ہے جیسے تھکے ماندہ کی جان کے لیے ٹھنڈا پانی۔ (امثال 25:25)

*Uebert & BeBe*

ANGEL



## UEBERT & BEBE ANGEL

دنیا بھر میں، اسپرٹ ایمبیسی (دی گڈ نیوز چرچ) کے بانی، نبی یوبرٹ اور بی بی اینجل آپ کے لیے روزنامہ خوشخبری بچوں کا کلام لانے کیلئے پرجوش ہیں۔

ہر دن کیلئے خُدا کے کلام کو بہت مزے دار بناتا ہے! ہم نے یقینی بنایا ہے کہ ہر سبق پڑھنے اور سمجھنے میں آسان ہو۔
بچوں کی حوصلہ افزائی ہو گی جب وہ ہر روز اپنی زندگی میں نبوتی اقرار پڑھیں اور بولیں گے۔ یہ کلام چھوٹے بچوں کو مزید مطالعے اور نوٹس سیکشن، جہاں وہ اپنے خیالات محفوظ کر سکتے ہیں، کے ذریعے خدا کیساتھ غوروفکر کا وقت گزارنے کی ترغیب دیتی ہے۔ مسیحی عقیدے کی جڑیں ان کے نرم دلوں میں مزید گہرائی تک جائیں گی جب وہ روحانی طور پر بڑھیں گے اور اپنے ابتدائی سالوں میں خدا کے فضل کی خوشخبری کو سمجھیں گے۔



**فِلِپّیوں 2: 9**

**اِسی واسطے خُدا نے بھی اُسے بُہت سر بُلند کِیا اور اُسے وہ نام بخشا جو سب ناموں سے اعلیٰ ہے۔**

اسکول میں، عام طورپر ریاضی میں بڑا اورچھوٹا ہندسہ پڑھایا جاتا ہے۔ سات، آٹھ سےچھوٹا ہے، چالیس، انتالیس سےبڑا ہے۔ اب جب ہم اپنے خُداوند یسوع مسیح کو دیکھتےہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے، اُس سے بڑا کوئی نہیں، اُس کا نام سب سے بڑا اور تمام ناموں سےاعلیٰ ہے۔

جب ہم یوحنا کی کتاب پڑھتےہیں تومعلوم ہوتا ہے، یوحنا بپتسمہ دینےوالےکو اپنےمشن کیلیےبھیجا گیا تھا اور اسکےاپنے پیروکار تھےلیکن بہت سےلوگوں نےاسےیسوع مسیح سمجھا اور یوحنا نےواضح کیا کہ یسوع دراصل اس سےبڑا ہے۔

بچو، آپ یوحنا سےبہتر ہیں کیونکہ یسوع آپکےاندر ہے۔ اگر آپ کسی بیمار کوجانتےہیں تو، یسوع کا نام استعمال کرتے ہوئےاس پر ہاتھ رکھیں، اور وہ ایمان کے ذریعےشفا پائیں گےکیونکہ آپ میں ایسا کرنےکی طاقت ہے۔

## نبوتی اقرار

**وہ جو مجھ میں ہے اس سے بڑا ہے جو دنیا میں ہے۔ اس کے نام سے میں دنیا کو متاثر کروں گا-اور اسے مشہور کروں گا۔ آمین**

**مزید مطالعہ**

یُوحنّا 4: 4 – 1



**لُوقا 10: 19**

**دیکھو مَیں نے تُم کو اِختیار دِیا کہ سانپوں اور بِچھُّوؤں کو کُچلو اور دُشمن کی ساری قُدرت پر غالِب آؤ اور تُم کو ہرگِز کِسی چِیز سے ضرر نہ پہنچے گا۔**

کیاآپ نےکبھی خود سےپوچھاکہ یسوع کا نام آپ کیلیےہمیشہ کیوں کام نہیں کرتا؟ سادہ سی بات ہے، کیونکہ یہ پاس ورڈ یا نام کا اعلان نہیں ہے، یہ یسوع کاکردارہے۔

سکوا کےبیٹوں نےیسوع کا نام استعمال کرنےکی کوشش کی لیکن اس نےکام نہیں کیا۔ آپکےپاس یسوع کاکردار ہونا ضروری ہے۔ ہمیں اس کےکردار میں رہتےہوئےدعا کرنےکی طاقت اور اختیار دیاگیاہے۔ خدا نےہمیں مسیح کیطرح کام کرنےکی طاقت اورصلاحیت دی ہے۔ جب آپکےپاس اس کاکردارہوتا ہےتو اس کےنام سےدعاکرناہمیشہ کام کرتا ہے، وہ آپکو نئی زبانوں میں بولنےکی صلاحیت دیتا ہے۔

جائیں اوربیماروں پرہاتھ رکھیں وہ ٹھیک ہوجائیں گے، اُس کیطرح کام کریں۔ آپکےپاس ایسا کرنےکی طاقت اور اختیارہے۔

## نبوتی اقرار

**میں یسوع کےنام میں اقرار کرتا ہوں، دشمن کی کوئی طاقت نہیں ہےجو مجھ پرقابو پا سکےکیونکہ میرے پاس یسوع مسیح کا کردار ہےاور وہ میرے اندر بستا ہے۔ آمین-**

**مزید مطالعہ**

فِلِپّیوں 2: 10



**رُومِیوں 8: 38**

**کیونکہ مُجھ کو یقِین ہے کہ خُدا کی جو مُحبّت ہمارے خُداوند مسِیح یسُوعؔ میں ہے اُس سے ہم کو نہ مَوت جُدا کر سکے گی نہ زِندگی۔ نہ فرِشتے نہ حُکُومتیں۔ نہ حال کی نہ اِستِقبال کی چیزیں۔ نہ قُدرت نہ بُلندی نہ پستی نہ کوئی اَور مخلُوق۔**

کیا آپ ایک انڈے کو الگ کرسکتےہیں؟ کیا آپ انڈے کی سفیدی سے پیلی زردی کو الگ کرسکتےہیں؟ جی ہاں، یہ کیا جا سکتا ہےاگر آپ احتیاط سےخول سے زردی کو نکالیں۔.

انڈے کےبرعکس، کوئی بھی ہمیں خدا کی محبت سےالگ نہیں کر سکتا۔ خدا اپنی محبت کو بہت سےطریقوں سےظاہر کرتا ہے۔ وہ دعا اور عبادت کےذریعےآپکےساتھ تنہا وقت گزارنا چاہتا ہے۔ ایک پیار کرنیوالا باپ اپنےبچوں کیساتھ وقت گزارتا ہے اور خدا نے ہمیں روح القدس دیا تاکہ وہ ہم میں ہر وقت رہ سکے۔ بچو، آج اس پر بھروسہ کرنےکا انتخاب کریں، وہ آپ سےبہت پیار کرتا ہے۔

## نبوتی اقرار

**مجھے وفادار باپ مل گیا ہے، مجھے اُس پر بھروسہ ہے اور میری زندگی دوبارہ کبھی ایسی نہیں ہوگی۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

رُومِیوں 4: 21



**زبُور 23: 1**
**خُداوند میرا چَوپان ہے۔ مُجھے کمی نہ ہو گی۔**

کیا آپ جانتےہیں کہ چرواہا کیا ہوتا ہے؟ چرواہا وہ ہوتا ہےجو بھیڑوں، بکریوں، گائے وغیرہ کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ انکے کام میں بھیڑوں کی رہنمائی کرنا اور بھیڑوں کو دوسرے نقصان پہنچانےوالےجانوروں سےبچانا شامل ہے ۔

جب ہم تاریخ کا مطالعہ کرتےہیں، ہم دیکھ سکتےہیں کہ بہت سےچرواہےتھے۔ بالکل ایک چرواہےکیطرح، خدا آپکا اور میرا خیال رکھتا ہے۔ آپکوکبھی بھی تنہا یا بےبس محسوس نہیں کرنا چاہیےکیونکہ اچھا چرواہا ہمیشہ آپکےساتھ ہےاور وہ ہمیشہ آپکا خیال رکھےگا۔

آج آپکوجس چیز کی بھی ضرورت ہے، اپنےخداوند کوصورتحال بتائیں، جو آپکا اچھا چرواہا ہے۔ بھیڑوں کو بہت مدد کی ضرورت ہے، اور ہمیں بھی۔ خُدا وعدہ کرتا ہےکہ وہ اپنی دولت کےمطابق جلال سےیسوع مسیح میں ہماری تمام ضروریات کو پورا کرے گا، لہٰذا آج ہی کسی کو اُس اچھےچرواہےکےبارے میں بتائیں جسکی ہم خدمت کرتےہیں۔

## نبوتی اقرار

**آج، میں جانتا ہوں کہ خداوند میرا اپنا چرواہا ہے۔ وہ میری رہنمائی کرتا ہے اور مجھےمیری کامیابی اور اس زندگی میں درکار ہر چیز کیطرف لیکر جاتا ہے۔ آمین-**

**مزید مطالعہ**
**یُوحنّا 10:11**



**یعقُوب 1: 17**

**ہر اچّھی بخشِش اور ہر کامِل اِنعام اُوپر سے ہے اور نُوروں کے باپ کی طرف سے مِلتا ہے جِس میں نہ کوئی تبدِیلی ہو سکتی ہے اور نہ گردِش کے سبب سے اُس پر سایہ پڑتا ہے۔**

میں چاہتا ہوں، اپنےپاس تمام اچھی چیزوں کےبارے میں سوچیں۔ آپ میں سےکچھ اچھی چیزوں کےبارےمیں سن کرتحائف کےبارےمیں سوچتےہیں۔ ذرا سوچیں، پانی کس نےبنایا؟ زندگی کےتحفےکےبارے میں کیا خیال ہے؟ ہمارےلیےمسیح کی محبت حد سےباہر ہے۔ اس نےہمیں ہماری زندگی میں یہ تمام حیرت انگیزچیزیں دی ہیں۔

اُسکی مرضی کےمطابق اُسکےسب بچوں کو وہ سب کچھ حاصل ہےجسکی اُنہیں ضرورت ہے۔ تحفےصرف گفٹ پیپرز میں لپٹےہوئےڈبوں میں نہیں آتےہیں، آپکی پلیٹ میں موجود کھانا بھی ہمارے آسمانی باپ کیطرف سےتحفہ ہے۔ زندگی کےتحفےکیلیےاپنےباپ کا شکریہ ادا کرنا یاد رکھیں۔ اسکی غیرمشروط محبت ہمیں ثابت کرتی ہےکہ وہ سب سےبڑا دینےوالا ہےاور آپ خداکوکبھی نہیں دےسکتے۔

## نبوتی اقرار

**میں مبارک اور بہت زیادہ پسندیدہ ہوں۔ میرا آسمانی باپ سب سےبڑا دینےوالا ہے۔ -مجھے یسوع کےقادر نام میں کسی اچھی چیز کی کمی نہیں ہوگی۔ آمین**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 9: 7 – 2



**گِنتی 23: 19**

**خُدا اِنسان نہیں کہ جُھوٹ بولے اور نہ وہ آدمؔ زاد ہے کہ اپنا اِرادہ بدلے۔ کیا جو کُچھ اُس نے کہا اُسے نہ کرے؟ یا جو فرمایا ہے اُسے پُورا نہ کرے؟**

خدا نےکہا، وہ ہمیں نہیں چھوڑےگا اور نہ ہم سےجدا ہوگا۔ ابرہام کی زندگی کو دیکھیں، تو اس نےاپنا وقت خدا سےبات کرنےمیں گزارا۔ ابرہام کےزمانےمیں، خدا سدوم اورعمورہ کو تباہ کرناچاہتا تھا کیونکہ وہ اس سےمنہ موڑ چکےتھے، لیکن ابرہام چاہتا تھا، خدا سدوم اورعمورہ میں اچھے لوگوں کو بچائے۔ انکی گفتگو سےلوگوں کو درحقیقت نجات ملی۔ خدا کی محبت سمندر سےزیادہ اورگہری اورآپکی سوچ سےکہیں زیادہ گہری ہے۔ وہ آپکو اپنی بانہوں میں خوش آمدید کہنےکیلیے تیار ہے۔ اسکےکان آپکی دعائیں سننےکیلیےہر وقت تیار رہتےہیں۔

اس پر بھروسہ کریں کیونکہ وہ آپکو مایوس نہیں کریگا۔ ہمارا خدا آپکےان کپڑوں سےزیادہ قریب ہےجو آپ پہنتےہیں اور وہ آپ سے بہت پیار کرتا اور خیال رکھتا ہے۔

## نبوتی اقرار

**میرا باپ مجھ سے پیار کرتا ہوں کیونکہ وہ ہمیشہ میرے ساتھ رہتا ہے اور وہ اپنے وعدوں کو پورا کرتا ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

زبُور 17: 8-7



**زبُور 91: 4**

**وہ تُجھے اپنے پروں سے چِھپا لے گا اور تُجھے اُس کے بازُوؤں کے نِیچے پناہ مِلے گی۔ اُس کی سچّائی ڈھال اور سِپر ہے۔**

بائبل میں ”ڈرو مت“ کا بیان 365 بار لکھا گیا ہے۔ مرغی کو دیکھیں، وہ اپنےچوزوں کی حفاظت کرتی ہے اور اپنےڈربے کےقریب آنیوالی کسی بھی چیز سےلڑتی ہے۔ جب چوزے اپنے انڈے کےخول سےباہرآ جاتے ہیں، تو ماں ان پر نظر رکھتی ہے۔ خطرہ محسوس ہو تو وہ شور مچاتی ہے اور اپنے پر پھیلا دیتی ہے، بچے اسکے پروں کی پناہ گاہ کےنیچے بھاگ کر آجاتےہیں۔

ہمیں بھی خدا محفوظ رکھتا ہےاور ہر حال میں ہماری حفاظت کرتا ہے۔ وہ ہمیں خطرے سےبچاتا ہے۔ خدا ہم سےبہت پیار کرتا اور ہماری بہت پرواہ کرتا ہے۔ جب آپ خوفزدہ یاخطرے میں محسوس کرتےہیں، اس کا نام پکاریں اور وہ آپکو تسلی دیگا اور آپکو محفوظ رکھے گا۔

## نبوتی اقرار

**بزرگ و برتر خدا میرے اندر رہتا ہے۔ وہ بےخوف محافظ ہے۔ وہ مجھےاپنےپروں میں چھپا لیتا ہے۔ میں نہیں ڈروں گا کیونکہ خدا مجھ میں رہتا ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

عِبرانیوں 13: 6



**یسعیاہ 43: 1**

**اور اب اَے یعقُوبؔ! خُداوند جِس نے تُجھ کو پَیدا کِیا اور جِس نے اَے اِسرائیل تُجھ کو بنایا یُوں فرماتا ہے کہ خَوف نہ کر کیونکہ مَیں نے تیرا فِدیہ دِیا ہے۔ مَیں نے تیرا نام لے کر تُجھے بُلایا ہے۔ تُو میرا ہے۔**

خدا آپ کیلیے اتنا فکرمند ہے کہ آپکے سر کے بال بھی گنے ہوئے ہیں۔ خدا آپکا نام جانتا ہے، وہ آپکے بارے میں سب کچھ جانتا ہے، جب آپ پریشان یا بہت خوش ہوتے ہیں تو وہ جانتا ہے کہ کیوں۔ خُدا نےآپکو اپنی صورت اور اپنی شبیہ پر پیدا کیا۔ اس کے ہاتھ میں آپکا نام لکھا ہوا ہے۔ کیا آپ اس کا تصور کر سکتے ہیں؟

بچو آج، یاد رکھیں کہ خدا آپ سے گہری محبت کرتا ہے اور وہ آپکو کبھی نہیں بھول سکتا۔ آپ کیلیے اس کی محبت لازوال ہے۔ ہیلیلویاہ !

## نبوتی اقرار

**مجھ سے خدا غیر مشروط محبت کرتا ہے. وہ میرا بہت خیال رکھتا ہے۔ آئندہ، میں اپنے لیے خدا کی محبت پر شک نہیں کروں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

لُوقا 12: 7



**لُوقا 23: 34**

**یِسُوعؔ نے کہا اَے باپ! اِن کو مُعاف کر کیونکہ یہ جانتے نہیں کہ کیا کرتے ہیں۔**

آج، ہماری آیت ہمیں دکھاتی ہےکہ کیسےیسوع کو اسکےدشمنوں نےمصلوب کیا، پھربھی خدا سےانہیں معاف کرنےکو کہا۔ یہ ہمیں دوسروں کو معاف کرنے کا کہتا ہے چاہےوہ تکلیف پہنچائیں۔ کیا آپکو یوسف کی کہانی یاد ہے؟ اسکے بھائیوں نے اسےغلام کےطورپر بیچ دیا۔ جب یوسف نےاپنے بھائیوں کو دوبارہ دیکھا تو اسکی زندگی میں بہت سی چیزیں بدل چکی تھیں۔ اب وہ مصر میں حکومت میں دوسرے نمبر پرتھا، اسکے بھائیوں نےبھی اسےنہ پہچانا۔ بہت سے لوگ انتقام کا انتخاب کرتے ہونگے، لیکن یوسف نےاسکےبرعکس انتخاب کیا۔ اُس نےاُنہیں معاف کر دیا اور اُن سےمحبت کا اظہار کیا۔

خُدا ہم سےکوئی ایسا کام کرنےکو نہیں کہتا جو اُس نےخود نہ کیا ہو۔ غلط کرنیوالوں کو معاف کرنا سیکھو، معاف کرنےمیں طاقت ہے۔

## نبوتی اقرار

**میرے دل میں خدا کی محبت پھیلی ہوئی ہے، میں ان لوگوں کو معاف کرتا ہوں جنھوں نے مجھے تکلیف پہنچائی اور مجھے پریشان کیا۔ میں آج محبت میں چلنے کا انتخاب کروں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

اِفِسیوں 4: 32



**کُلسِّیوں 1: 27**

**جِن پر خُدا نے ظاہِر کرنا چاہا کہ غَیر قَوموں میں اُس بھید کے جلال کی دَولت کَیسی کُچھ ہے اور وہ یہ ہے کہ مسِیح جو جلال کی اُمّید ہے تُم میں رہتا ہے۔**

کیا آپ کبھی کبھی اپنےاندر رہنےوالےباپ کی حقیقت پر شک کرتےہیں یا سوال کرتےہیں؟

سدرک، میسک اور عبدنجو میں آپکی طرح روح القدس نہیں تھا، پھربھی انہوں نےخدا پر پورا بھروسہ کیا۔ بچو کیا آپ جانتےہیں کہ آپکےاندر ایک مددگار، استاد، راہنما اورمحافظ رہتا ہے۔ وہ حاکم کُل ہےاور وہ آپ میں رہتا ہے۔ آج ہی اس پر بھروسہ کرنےکا انتخاب کریں۔

ان تین عبرانی لڑکوں کےبارے میں سوچیں جنھوں نےکسی بھی بُت کےسامنے جھکنےسےانکار کرکے اپنی جانوں کیلیےخدا پربھروسہ کیا، وہی خدا جس نےانہیں آگ میں بچایا وہی آپ میں زندہ ہے اور وہ آپ سےبہت پیارکرتا ہے۔

## نبوتی اقرار

**میں اپنےآسمانی باپ پر بھروسہ کرنےکا انتخاب کرتا ہوں۔ میں عقلمند ہوں اور روح القدس کی قیادت میں ہوں۔ مجھے اس دنیا کی چیزوں سےکوئی دلچسپی نہیں۔ میں خدا کیلیےاپنی زندگی گزارنے کا انتخاب کرتا ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

زبُور 118: 8



**متّی 28: 19-18**

**یِسُوعؔ نے پاس آ کر اُن سے باتیں کِیں اور کہا کہ آسمان اور زمِین کا کُل اِختِیار مُجھے دِیا گیا ہے۔ پس تُم جا کر سب قَوموں کو شاگِرد بناؤ اور اُن کو باپ اور بیٹے اور رُوحُ القُدس کے نام سے بپتِسمہ دو۔**

کیا ہوتا ہے جب اسکول یا کھیل کےمیدان میں چیزیں چیلنجنگ بن جاتی ہیں، آپ ان سےکیسےنمٹتےہیں؟

بائبل ہمیں بتاتی ہےکہ جب ہم ایسا محسوس کرتے ہیں تو صرف اسےقبول کرنےاور اسے خود پر اثر انداز ہونے دینے کی بجائے، وہی اختیار استعمال کریں جو ہمارے خداوند یسوع مسیح نے سمندر میں طوفان کو پرسکون کرنے کیلیے استعمال کیا تھا۔ یسوع نےشکایت نہیں کی۔ اس نے اس کیلیےکچھ کیا اور وہ آپکےاندر ہے، لہذا آپکےپاس وہی اختیار موجود ہے۔ اگر آپ کسی ایسےشخص کو جانتےہیں جو ٹھیک نہیں ہے، تو آج ہی انہیں شفا دینے کیلیے خدا کےاختیار کا استعمال کریں۔

## نبوتی اقرار

**آج، میں وہ اختیار لیتا ہوں جو مجھے یسوع کے قادر نام میں بیماروں کو شفا دینے کیلیے دیا گیا ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

متّی 8: 13-5

GoodNews DAILY



GOD
has
GREAT
plans for
YOU

— Jeremiah 29:11

GoodNews DAILY

Be JOYFUL in hope, PATIENT in affliction, FAITHFUL in prayer.



— Romans 12:12



**فِلِپّیوں 4: 4**
**خُداوند میں ہر وقت خُوش رہو۔ پِھر کہتا ہُوں کہ خُوش رہو۔**

آپ بچوں کیلیے خوشخبری۔ آج آپ کیسے ہیں؟

خدا کا بنایا ہر دن نیا دن ہوتا ہے۔ کچھ دن مزے سےبھرے ہوتےہیں لیکن ہمیشہ ایسا نہیں ہوتا۔ جب چیزیں آپکےمطابق نہیں ہوتی ہیں تو آپ کیا کرتےہیں؟ کیا آپ شکایت کرتے، خدا سےسوال کرنےلگتےیا شک کرنےلگتےہیں؟ بچو، شک کرنے میں محتاط رہیں، یہ آپکو ہر اس چیز پر سوال کرنےکی وجہ بن سکتا ہےجو خدا آپکےبارے میں کہتا ہے۔

آپ میں موجود باپ آپکےراستےمیں آنیوالی کسی بھی صورتحال کو بدل سکتا ہے۔ ایوب خدا سےمحبت کرتا تھا، اس لیے ابلیس اس سےنفرت کرتا تھا، شیطان نے ایوب کےدل کو خدا کے خلاف پھیرنےکی کوشش کی۔ سب نےاسے چھوڑ دیا لیکن ایوب نے کبھی اپنا ایمان نہیں کھویا۔ خدا نے ایوب کو پہلےسے دوگنا دیا۔ آپکی زندگی کے بارے میں خُدا کا کہا حتمی ہے، اُس پر اپنا ایمان رکھیں۔

## نبوتی اقرار

**خدا میری ضرورت کے وقت موجود ہوتا ہے۔ وہ سب کچھ جانتا اور دیکھتا ہے۔ میں خدا پر اپنا ایمان برقرار رکھوں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**
رُومِیوں 12: 12



**کُرِنتھِیوں 5: 21 – 2**

**جو گُناہ سے واقِف نہ تھا اُسی کو اُس نے ہمارے واسطے گُناہ ٹھہرایا تاکہ ہم اُس میں ہو کر خُدا کی راست بازی ہو جائیں۔**

خُدا چاہتا ہے کہ آپ جان لیں کہ آپ ہمیشہ اُس کے پاس آ سکتے ہیں۔ آپ دلیری اور اعتماد کیساتھ آ سکتے ہیں، یہ جانتے ہوئے کہ آپکو وہ سب کچھ ملے گا جس کی آپکو ضرورت ہے۔ خدا کی راست بازی ہونے کیلیے آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ایمان کے زریعے آپ اُس کی نظر میں راستباز ہیں، چاہے آپ کتنی ہی غلطیاں کیوں نہ کریں۔

ہم نے ماضی، حال اور مستقبل میں جو کچھ کیا ہے وہ سب معاف ہے۔ جو مسیح نے آپ کے لیے کیا ہے کوئی بھی نہیں کر سکتا ۔ اس نے آپ کو گناہ کی طاقت سے آزاد کیا۔ بچو یہ خوشخبری ہے، جسکی ہم منادی کرتے ہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں مسیح میں آزاد ہوں۔ جب جنت میں جانے کا وقت ہوا تو میں پہلی فلائٹ سے جا رہا ہوں۔ ہیلیلویاہ !**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 5: 17 – 2



**زبُور 37: 23**
**اِنسان کی روِشیں خُداوند کی طرف سے قائِم ہیں اور وہ اُس کی راہ سے خُوش ہے۔**

برطانیہ میں، عوامی گلیوں اور سڑکوں پرایک جملہ عام استعمال ہوتا ہے: فاصلہ رکھیں یا اپنےقدم پرنظر رکھیں۔

اگر آپ آنکھوں پر پٹی باندھ لیں اورخود چلنا شروع کردیں توآپ ہرچیزسےٹکرائیں گےکیونکہ آپ دیکھ نہیں سکتے۔ لیکن اگر آپ آنکھوں پر پٹی باندھےہوئےہیں اورکوئی آپکےآگےچل رہا ہے، آپکےقدموں کی رہنمائی کر رہا ہے، تو نقصان سےبچنا آسان ہوجائیگا۔

بائبل کہتی ہےکہ خُدا ہمارے قدموں کی راہنمائی کریگا، یہ وہ فیصلہ ہوسکتا ہےجو ہم ہر روزکرتےہیں۔ خدا آپکی مدد اور آپکی زندگی کی راہنمائی کریگا۔ خُدا اپنےکلام کوہماری رہنمائی کیلیےاستعمال کرتا ہے، خُدا کا کلام ہمیں صحیح راہ پر لیجانےکا اختیار رکھتا ہے، اگرخُدا یہ کہتا ہے، تو یہ سچ ہےاوراسکا ہونا طےہے۔

اس کےنقش قدم پرچلو۔ وہ آپکوکبھی گرنےنہیں دیگا۔ ہر اچھا باپ اپنےبچوں کوکسی بھی خطرے سےبچانا چاہتا ہے۔

## نبوتی اقرار

**مسیح جلال کی امید میرے ذریعےتاریک دنیا میں چمکےگا۔ اس کی پیروی کرنےسے، وہ میری زندگی میں میرےقدموں کی رہنمائی کریگا۔ آمین !**

**مزید مطالعہ**
متّی 16: 24



**تِیمُتھِیُس 4: 12 - 1**

**کوئی تیری جوانی کی حقارت نہ کرنے پائے بلکہ تُو اِیمان داروں کے لِئے کلام کرنے اور چال چلن اور مُحبّت اور اِیمان اور پاکِیزگی میں نمُونہ بن۔**

اب تک آپکے ساتھ سب سے حیرت انگیز چیز کیا ہے؟ آپ چھوٹے لگ سکتے ہیں؛ تاہم، بائبل کہتی ہے کہ کسی کو آپکے چھوٹےہونےکیوجہ سےآپکوحقیر نہ جاننےدیں، یعنی آپ چھوٹےہونےکے باوجود بھی بڑی چیزیں حاصل کرسکتےہیں۔ جب آپکےساتھ اچھی چیزیں ہوتی ہیں تو آپکو خوشی منانی چاہئے۔ خدا کےبچےکےطور پر، آپ حکومت کرنےکیلیےپیدا ہوئے تھے۔

اُس کی صورت میں بنایا جانا اور اُس کا اپنا کہلایا جانا ایک اعزاز کی بات ہے۔ آپکے پاس کوئی بھی چیز اتنی اچھی نہیں ہے جتنی آپکےلیے خدا کی محبت۔ آپکے پاس جو کچھ ہے اسکےساتھ ہمیشہ خداوند کا شکر ادا کریں۔ قائم رہو اورسب سےالگ نظرآؤ. آپ حکومت کرنےکیلیےپیدا ہوئےتھے۔

## نبوتی اقرار

**میں خدا کی صورت میں بنایا گیا ہوں۔ میں نے آسان راستہ اختیار کرنے اور پیچھے رہنے سے انکار کر دیا۔ زمین پر جنت کے اس سال میں، میں عظمت حاصل کروں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

عِبرانیوں 12: 3-1



**کُرِنتھِیوں 5: 20 - 2**

**پس ہم مسِیح کے ایلچی ہیں۔ گویا ہمارے وسِیلہ سے خُدا اِلتماس کرتا ہے۔ ہم مسِیح کی طرف سے مِنّت کرتے ہیں کہ خُدا سے میل مِلاپ کر لو۔**

مسیح کےسفیر (ایلچی) کیا ہے؟ سفیر وہ شخص ہوتا ہےجو ہر جگہ ایک مخصوص قوم کی نمائندگی کرتا ہے۔ کلام ہمیں بتاتا ہے کہ ہم مسیح کے سفیر ہیں، مسیح ہمارے زریعے بولتا ہے۔ بچو کیا یہ حیرت انگیز نہیں ہے، خدا زمین پر اپنے کاروبار کی دیکھ بھال کے لیے ہم پر بھروسہ کرے؟ آپکو اپنے کام کو سنجیدگی سے لینا ہوگا، ہم جانتےہیں کہ جب ہم اسکےکام کا خیال رکھتے ہیں، وہ ہمارے کام کاخیال رکھتا ہے۔

بچو، آپکی زندگی میں ایک خوبصورت چیز ہے، خدا کےکلام پر توجہ مرکوز اور ہاگہ (دھیان) کرنا۔ خدا کی نمائندگی کرنا ایک بڑی ذمہ داری ہے! کلام کا مطالعہ کر کے ایمان رکھیں اور جہاں کہیں بھی جائیں اس کی نمائندگی کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں مسیح کا سفیر ہوں۔ جب لوگ مجھے دیکھتے ہیں، وہ خدا کے نمائندے کو، یسوع کے قادر نام میں دیکھتے ہیں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

امثال 13: 17



**یسعیاہ 43: 4**

**چُونکہ تُو میری نِگاہ میں بیش قِیمت اور مُکرّم ٹھہرا اور مَیں نے تُجھ سے مُحبّت رکھّی اِس لِئے مَیں تیرے بدلے لوگ اور تیری جان کے عِوض میں اُمّتیں دے دُوں گا۔**

جب آپ خود کو دیکھتےہیں تو آپکوکیا نظر آتا ہے؟ کیا آپ خود کو ایسےدیکھتےہیں جیسےخدا آپکو دیکھتا ہے یا آپ خود کو حقیر سمجھتے ہیں؟ آپکو، خدا کےکلام کی بنیاد پر، خود کو ہمیشہ خُدا کی نظروں سےدیکھنا چاہیے ۔

کلام بالکل وہی دکھاتا ہےجو خدا ہمارے بارے میں کہتا ہے۔ آپکےآسمانی باپ کے، آپکے بارےمیں خیالات اچھےہیں۔ وہ کہنا شروع کریں جو خدا آپکےبارے میں کہتا ہے۔ یاد رکھیں کہ جو کچھ آپکے اندر ہوتا ہے وہی توجہ اپنی طرف کھینچتا ہے۔ آپ میں مسیح قادر اور عظیم ہے، اس عظیم خزانےکی آپکے زریعےتعریف کیجائےگی۔ مسیح آپ میں، جلال کی امید !

## نبوتی اقرار

**عظیم تر خدا میرے اندر ہے۔ میں عظیم ہوں میں وہ ہوں جو خدا کہتا ہے کہ میں ہوں، حکمت سے بھرا ہوا ہوں۔ میں ہوشیار ہوں میں بے خوف اور پراعتماد ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

یُوحنّا 3: 1 – 1



**تِیمُتھِیُس 1: 7 - 2**

**کیونکہ خُدا نے ہمیں دہشت کی رُوح نہیں بلکہ قُدرت اور مُحبّت اور تربِیّت کی رُوح دی ہے۔**

خوف ایمان کا مخالف نہیں ہے لیکن دونوں کے ذرائع مختلف ہیں۔ ایمان خدا کیطرف سے آتا ہے لیکن خوف خدا کیطرف سے نہیں آتا۔ بائبل ہمیں بتاتی ہے کہ ایمان سننے سے اور خدا کا کلام سننے سے آتا ہے۔ لہذا، جب آپ خُدا کے کلام کو پڑھتے رہتے ہیں تو آپ اپنے ایمان کو مضبوط کرتے ہیں۔

خوف کا بھی یہی حال ہے، خوف سننے سے اور شیطان کا کلام سننے سے آتا ہے۔ لہذا آپ جتنی زیادہ منفی باتیں سنتے ہیں، اتنا ہی آپ میں خوف پیدا ہوتا ہے۔ یہ وہ نہیں ہے جو خدا آپ کیلئے چاہتا ہے۔

وہ چاہتا ہےکہ آپ بے خوف رہیں، ایسی کوئی چیز نہیں ہونی چاہیے جس سے آپ خوفزدہ ہوں کیونکہ آپکے اندر خدا موجود ہے۔

## نبوتی اقرار

**آج میں یسوع کے نام میں ڈرنے سے انکار کرتا ہوں، کیونکہ مسیح میرے اندر ہے اور اس کا امن میرے دل اور دماغ کی حفاظت کریگا۔ ہیلیلویاہ !**

**مزید مطالعہ**

رُومِیوں 10: 17



**متّی 6: 22**

**بدن کا چراغ آنکھ ہے۔ پس اگر تیری آنکھ درُست ہو تو تیرا سارا بدن رَوشن ہو گا۔**

جب آپ ڈراؤنی فلمیں دیکھتےہیں، تو وہ آپکےہرکام کومتاثرکرسکتی ہیں۔ آپ ایسی فلم دیکھنےکےبعد ہوسکتا ہےسو نہ سکیں !

آج کےکلام میں بائبل کی آیت ہمیں بتاتی ہے، ہماری آنکھیں ہماری روح کا دروازہ ہیں۔ یعنی جو کچھ ہم اپنی آنکھوں سے دیکھتےہیں وہ ہماری روح میں درج ہوتا ہے۔ اس لیےجتنا زیادہ آپ ڈراؤنی چیزوں کو دیکھتےہیں اتنا ہی زیادہ آپ اپنی آنکھوں کوخوف کی روح کو بڑھانےوالی چیزیں دیکھنےکی اجازت دیتےہیں۔

آج سےجوکچھ آپ دیکھ رہےہیں اسکی حفاظت کریں، منفی چیزوں کو بس نہ سنیں اور نہ دیکھیں۔ خدا کےکلام کو نشر کرنے والےگڈ نیوز پروگراموں کو سننےاور دیکھنےمیں اپنا وقت گزاریں۔ جتنا زیادہ آپ یہ کرتے ہیں، اتنی ہی زیادہ روشنی داخل ہوتی ہے، جو اہم ہےکیونکہ ہم روشنی ہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں اپنی آنکھوں اور کانوں کو ہر منفی چیز سے بچاتا ہوں جو میرے راستےمیں آنے کی کوشش کرتی ہے، میں اپنی نگاہیں یسوع مسیح کی گڈنیوز پر مرکوز کروں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

متّی 6: 22-23



**زبُور 121: 3**

**وہ تیرے پاؤں کو پِھسلنے نہ دے گا۔ تیرا مُحافِظ اُونگھنے کا نہیں۔**

ہر دکان یا گلی میں سی سی ٹی وی یا نگرانی والے کیمرے ہوتے ہیں۔ ان کیمروں کا مقصد یہ ہے کہ وہ لوگوں، دکان یا عمارت میں موجود چیزوں کی حفاظت کر سکیں۔ یعنی اگر کوئی جرم کرتا ہے تو کیمرے آپ کو دکھائیں گے کہ یہ کس نے کیا ہے۔

کیونکہ دنیا کے نگرانی کرنیوالے کیمرے آسانی سے بند ہو سکتے یا ٹوٹ سکتے ہیں، ہمارے پاس اب ان سے بہتر کچھ ہے، ہم خدا کی 24/7 نگرانی میں ہیں۔ وہ دن کے ہر سیکنڈ، منٹ اور گھنٹے ہم پر نظر رکھتا ہے۔ بائبل ہمیں بتاتی ہے کہ وہ سوتا نہیں ہے اور یہ کہ ہماری مسلسل خدا کیطرف سے حفاظت کی جاتی ہے۔

! آج پریقین ہوجائیں کہ آپ 24 گھنٹے نگرانی کے تحت ہیں

## نبوتی اقرار

**میں خدا کی پناہ میں، اور آسمانی حفاظت میں ہوں۔ خدا مجھ پر 24/7 نظر رکھ رہا ہے۔ مجھے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے یسوع کے نام میں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

**زبُور 121: 5**



**یرمِیاہ 29: 11**

**کیونکہ مَیں تُمہارے حق میں اپنے خیالات کو جانتا ہُوں خُداوند فرماتا ہے یعنی سلامتی کے خیالات۔ بُرائی کے نہیں تاکہ مَیں تُم کو نیک انجام کی اُمّید بخشُوں۔**

بائبل کہتی ہے، خدا کے آپکے بارے میں اپنے خیالات ہیں، اور اسکے خیالات آپکے بارے میں برے نہیں ہیں۔ جب آپ اپنی زندگی کیلیے خُدا کے خیالات (منصوبے) کے مطابق چلتے ہیں، تو ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے کیونکہ یہ منصوبے اُس نے آپ کیلیے بنائے ہیں۔

بچو بعض اوقات، آپکے خدا کیلیے کام کرنے کے راستے میں خوف آسکتا ہے۔ لیکن خوف کو آپکو روکنے نہ دیں، آپکے اندر روح القدس ہے جو دلیری کی روح ہے۔ یعنی آپ کچھ بھی کر سکتے ہیں۔

لہٰذا دلیر بنیں، باہر نکلیں اور ہر وہ کام خدائی اعتماد کیساتھ کریں جو خدا آپ سے کروانا چاہتا ہے !

## نبوتی اقرار

**میں اپنی زندگی کے لیے خُدا کے کامل منصوبے پر عمل کرتا ہوں، مجھے کسی چیز کا خوف نہیں ہے کیونکہ مجھے یسوع کے قادر نام میں خُدا کی مدد حاصل ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

زبُور 91: 4



**پطرؔس 5: 7 - 1**

**اور اپنی ساری فِکر اُسی پر ڈال دو کیونکہ اُس کو تُمہاری فِکر ہے۔**

جب آپ آسمان پر پرندوں یا سمندر میں مچھلیوں کو دیکھتے ہیں تو کیا آپ کبھی سوچتے ہیں کہ ان کی دیکھ بھال کون کرتا ہے؟ آپ خدا کے بچے ہو کر کتنی فکر کرتے ہیں؟ خدا نہیں چاہتا کہ اس کے بچے کسی چیز کی فکر کریں، بلکہ، وہ آپ سے یہ توقع بھی نہیں رکھتا کہ آپ ان سے نمٹیں۔ اوپر دی گئی بائبل کی آیت میں وہ کہتا ہے کہ اپنی تمام پریشانیاں اُس کے حوالے کر دیں، وہ آپ کیلیے ان سے نمٹنا چاہتا ہے۔

باپ خدا کتنا پیار کرنے والا ہے، اپنی پریشانیوں کو اندر رکھ کر انہیں اپنے اندر خوف مت پیدا کرنے دیں۔ اپنی ساری فکر خدا پر ڈال دیں اور وہ ان سب سے نمٹ لے گا کیونکہ اس کو آپکی فکر ہے۔

## نبوتی اقرار

**فکر میری روزمرہ کی زندگی کا حصہ نہیں ہے۔ خدا کو میری فکر ہے کیونکہ وہ میرا خیال رکھتا ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

متّی 6: 26



**یُوحنّا 16: 33**

**مَیں نے تُم سے یہ باتیں اِس لِئے کہِیں کہ تُم مُجھ میں اِطمِینان پاؤ۔ دُنیا میں مُصِیبت اُٹھاتے ہو لیکن خاطِر جمع رکھّو مَیں دُنیا پر غالِب آیا ہُوں۔**

ایک ایسا اطمینان ہے جو اس دنیا میں خدا کےسوا کوئی نہیں لا سکتا، یہ ایک ایسا اطمینان ہے جو انسانی سمجھ سے باہر ہے۔ ایک ایسا اطمینان کہ جب پوری دنیا پریشان، خوف زدہ اور مشکل وقت کا سامنا کر رہی ہے، ہم مسیحی ہونےکےناطے تمام ہلچل کے درمیان یہ جانتےہوئے مطمئن رہتے ہیں کہ خدا حکومت میں ہے۔

آپکا ہر خیال قابل توجہ ہونا چاہئیے۔ اپنے دماغ کو پریشان کن خیالات سے بھرنے نہ دیں جو خوف پیدا کرتے ہیں۔ اسکی بجائے، ہر تشویش کو دعا میں شامل کریں۔ دعا آپکے دماغ کے اردگرد امن کی فوج بناتی ہے تاکہ اسے کسی بھی جھوٹ سے بچایا جا سکے۔

## نبوتی اقرار

**تمام خوف نکل گیا ہے کیونکہ میرے پاس مسیح کا مزاج ہے۔ میں روح القدس کے اختیار سے کام کرتا ہوں۔ خدا کا امن میرے دماغ کی حفاظت کرتا ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

تھِسّلُنیکیوں 3: 16 – 2



**رُومِیوں 1: 16**

**کیونکہ مَیں اِنجِیل سے شرماتا نہیں۔ اِس لِئے کہ وہ ہر ایک اِیمان لانے والے کے واسطے پہلے یہُودی پِھر یُونانی کے واسطے نجات کے لِئے خُدا کی قُدرت ہے۔**

جیسا کہ ہم پہلے ہی بات کر چکے ہیں، ایمان اورخوف ایک جیسےہیں، فرق صرف یہ ہے، آپکو معلومات کہاں سےمل رہی ہیں۔ آیا یہ خدا کےکلام سےہے یا شیطان کےجھوٹ سے۔

ایمان میں بڑھنا آسان ہے، آپ بائبل سےحاصل کردہ معلومات سےایمان میں اضافہ کرتےہیں۔ لہٰذا آپ جتنا زیادہ خدا کےکلام کو اندر لیں گے، اتنا ہی زیادہ آپکا ایمان ہوگا۔ روزانہ کی خبریں بری خبروں سےبھری پڑی ہیں۔ اسکول میں آپکےدوست منفی بات کرسکتے ہیں لیکن تبھی آپ انکی باتوں سےانکارکریں اورخود کو یسوع مسیح کی خوشخبری یاد دلائیں۔

! خود کو بتانا شروع کریں کہ بائبل کیا کہتی ہے، ہم خوشخبری کی منادی کرتےہیں

## نبوتی اقرار

**میں صرف یسوع مسیح کی خوشخبری سنتا ہوں، وہ خوشخبری جو تقریباً ناقابل یقین ہے۔ میرے کان ہر منفی الفاظ کیلیے بند ہیں اور میں اپنی زندگی میں صرف اچھی باتیں کہوں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

امثال 25: 25



**لُوقا 6: 45**

**اچھّا آدمی اپنے دِل کے اچّھے خزانہ سے اچھّی چِیزیں نِکالتا ہے اور بُرا آدمی بُرے خزانہ سے بُری چِیزیں نِکالتا ہے کیونکہ جو دِل میں بھرا ہے وُہی اُس کے مُنہ پر آتا ہے۔**

ایک ٹوتھ پیسٹ ٹیوب کا تصور کریں اور ٹوتھ پیسٹ کو باہر نکالنے کے لیے ٹیوب کو دبائیں۔ ایک بار جب آپ ٹیوب کو دبا لیں تو آپ ٹوتھ پیسٹ کو دوبارہ ٹیوب میں نہیں ڈال سکتے۔ آپ کے الفاظ بالکل ایسے ہی ہیں، ایک بار جب آپ انہیں اپنے منہ سے کہہ دیتے ہیں، تو وہ عام ہو جاتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ آپ کو بولنے سے پہلے سوچنا چاہیے۔

اپنے خیالات کو مثبت چیزوں سے بھرنا ضروری ہے، غصے اور تلخی کو اپنے دماغ میں نہ بھرنے دیں کیونکہ جیسا انسان اپنے دل میں سوچتا ہے، ویسا ہی وہ بھی ہے۔

## نبوتی اقرار

**میرے خیالات اعمال پیدا کرتے ہیں۔ میں اپنی باتوں میں محتاط ہوں اور میں صرف اچھی باتیں بولتا ہوں۔ یسوع کے نام میں۔ آمین !**

**مزید مطالعہ**

امثال 4: 23



**پَیدائش 13: 15**

**کیونکہ یہ تمام مُلک جو تُو دیکھ رہا ہے مَیں تُجھ کو اور تیری نسل کو ہمیشہ کے لِئے دُوں گا۔**

جب آپکےایمان کی بات آتی ہےتو اسکا ایک تصویری پہلو ہے۔ جب ہم تصویری شکل کےبارےمیں بات کرتےہیں، تو ہم اسکےبارے میں بات نہیں کر رہےہیں جو آپ اپنی فطری آنکھوں سےدیکھتےہیں۔ آپکواسکا تصور کرنےکی ضرورت ہےکہ آپ کیا ہونا چاہتےہیں، ہو سکتا ہےکہ یہ آپکےسامنےنہ ہو لیکن اپنےتخیل کا استعمال آپکو دیکھنےکےقابل بناتا ہے۔

خدا نےابرہام سےکہا کہ یہ تمام ملک جو تو دیکھ رہا ہے، میں تمہارے خاندان کودوں گا، لیکن جو میں تمہیں سمجھاناچاہتا ہوں وہ یہ ہےکہ جب خدا نےیہ کہا تھا کہ ابرہام کی کوئی اولاد نہیں تھی، لیکن وہ پھربھی خدا کی کہی ہوئی باتوں پر ایمان رکھتا تھا۔

ابرہام کیطرح آپ جو چاہتےہیں اسےتصور کریں۔ جب تک آپ اسے دیکھتےہیں، اور یقین رکھتےہیں، آپ اسےحاصل کر سکتےہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں اپنے حالات سےآگے دیکھتا ہوں۔ میں خوشحالی اور اطمینان کو اپنےپاس آتےدیکھتا ہوں۔ میں محدود نہیں ہوں یسوع کےنام میں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

مرقس 9: 23



**فِلِپّیوں 4: 8**

**غرض اَے بھائِیو! جِتنی باتیں سچ ہیں اور جِتنی باتیں شرافت کی ہیں اور جِتنی باتیں واجِب ہیں اور جِتنی باتیں پاک ہیں اور جِتنی باتیں پسندِیدہ ہیں اور جِتنی باتیں دِلکش ہیں غرض جو نیکی اور تعرِیف کی باتیں ہیں اُن پر غَور کِیا کرو۔**

آپکے خیالات آپکےدماغ میں تصویریں ہیں جوآپکوحیرت انگیز مواقع دکھاسکتےہیں یا آپکو نیچےلاسکتےہیں۔ یہ چیزیں، چاہےمثبت ہوں یا منفی، آپکےجذبات کومتاثرکرتی ہیں۔ اگرآپکو وہ چیزیں پسند نہیں ہیں جو آپکےآس پاس ہو رہی ہیں تو اپنے سوچنےکےاندازکو بدلنا شروع کردیں۔

آپکےخیالات آپکی سوچ سےزیادہ طاقتورہیں۔
بائبل کہتی ہےکہ جیسا ایک آدمی اپنےدل میں سوچتا ہےویسا ہی ہے، اسلیے جب خدا کی بات آتی ہےتو یہ اس بارےمیں نہیں ہےکہ آپ کیا کرتےہیں۔ جتنا آپ اسکےبارےمیں سوچتےہیں، آپ وہی بن جاتےہیں۔ لہٰذا یقینی بنائیں کہ آپکےخیالات اسکےمطابق ہیں جو خدا آپکےبارےمیں کہتا ہےاور آپ وہی بنیں گے۔

## نبوتی اقرار

**آج میں اپنی دماغی طاقت کوکام کرنےپرلگاتا ہوں، میں خدا کا شاہکار ہوں، میں رہنما ہوں، میں مضبوط ہوں، میں مسیح کےذریعےسب کچھ کرسکتا ہوں جو مجھےمضبوط کرتا ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

امثال 23: 7



**پَیدائش 1: 2**

**اور زمِین وِیران اور سُنسان تھی اور گہراؤ کے اُوپر اندھیرا تھا اور خُدا کی رُوح پانی کی سطح پر جُنبِش کرتی تھی۔**

جب خُدا دنیا کو تخلیق کر رہا تھا، بائبل کہتی ہے کہ خُدا کی روح پانی پر حرکت کر رہی تھی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ خدا دنیا کو تخلیق کرنے سے پہلے سوچ رہا تھا اور تصور کر رہا تھا کہ اسے کیسا ہونا چاہیے۔ اس کا تصور کرنے کے بعد، اس نے کہا، ہو جا۔

اگر خدا نے خود اپنے تخیل کا استعمال کیا اس سے پہلے کہ اس نے کچھ ہونے کا حکم دیا تو آپ کو بھی یہی کرنا چاہئے۔ جو کچھ بھی آپ حقیقت میں دیکھنا چاہتے ہیں، اسے اپنے دماغ میں تصور کرنے کے لیے وقت نکالیں پھر اسے اونچی آواز میں کہیں۔ اسی طرح آپ اپنے خیالات سے تخلیق کرتے ہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں اپنے خیالات سے تخلیق کرتا ہوں، میں جو کچھ بھی میں واقع کرنا چاہتا ہوں اسے پہلے دیکھتا ہوں۔ میری زندگی ایک گواہی ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

اِفِسیوں 3: 20



**یشُوع 1: 8**

**شرِیعت کی یہ کِتاب تیرے مُنہ سے نہ ہٹے بلکہ تُجھے دِن اور رات اِسی کا دھیان ہو تاکہ جو کُچھ اِس میں لِکھا ہے اُس سب پر تُو اِحتیاط کر کے عمل کر سکے کیونکہ تب ہی تُجھے اِقبال مندی کی راہ نصِیب ہو گی اور تُو خُوب کامیاب ہو گا۔**

جب آپ دھیان کا لفظ سنتےہیں تو دور مشرقی موسیقی اور بازو اوپر اور ٹانگیں کراس کیےبیٹھےلوگوں کی تصویر ذہن میں آتی ہے۔

جب آپ دھیان کریں تو بائبل کی ایک آیت ڈھونڈیں اور اسےاپنےمنہ میں کہنا شروع کریں اوربائبل کی آیت کو کئی بار دہرائیں۔ اگر آپ ٹھیک نہیں ہیں، تو شفا یابی پر ایک کلام تلاش کریں اورخود کو بہترہوتےدیکھنا شروع کریں۔

اگر آپ کسی چیز میں اوّل آنا چاہتےہیں، تو ایک کلام تلاش کریں جو جیتنےکےبارے میں بات کرتا ہےاور خودکو وہ انعام حاصل کرتےہوئےتصورکریں۔ اسطرح آپ اپنے خیالات کی طاقت استعمال کر کےاپنی حقیقت کو شکل دیتے ہیں۔

## نبوتی اقرار

**جیسا کہ میں خدا کے کلام پر غور کرتا ہوں، میں زمین پر جنت کےاس سال میں بڑی چیزیں حاصل کروں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

زبُور 119: 15



**کُلسِّیوں 3: 2**
**عالَمِ بالا کی چیزوں کے خیال میں رہو نہ کہ زِمین پر کی چیزوں کے۔**

جو چیزیں ہم اس دنیا میں دیکھتےہیں وہ عارضی ہیں۔ وہ ہمیشہ نہیں رہتی، لیکن آسمانی چیزیں ہمیشہ رہتی ہیں۔ کبھی کبھی، جب ہمیں آسمانی چیزوں پرتوجہ مرکوز کرنی چاہیے، ہم نظر آنیوالی چیزوں میں پھنس سکتےہیں اور ان پرتوجہ مرکوز کر سکتےہیں۔

آج ہم جو آیت پڑھ رہےہیں وہ ہمیں بتا رہی ہےکہ ہمیں زمین کی چیزوں کےنہیں بلکہ آسمانی چیزوں کےبارے میں سوچنا چاہیے۔ آسمانی چیزوں پر سوچنا روح کو جیتنا، خدا کےکلام میں بڑھنا، دعا پر توجہ مرکوز کرنا ہے۔ یہ آپکی بنیادی توجہ ہونی چاہئے۔

ایسا کرنے سے، آپ روح القدس کو آپکی رہنمائی کرنے اور اپنے خیالات کو تبدیل کرنے کی اجازت دے رہے ہیں۔ آپکی توجہ اب جنت پر ہو گی نہ کہ صرف زمینی چیزوں پر۔

## نبوتی اقرار

**میں عالِم بالا سے پیدا ہوا ہوں جسے زمین پر ایک مشن پر بھیجا گیا ہے۔ میری توجہ آسمانی چیزوں پر ہے۔ میں یسوع کے نام میں روحوں کو جیتوں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**
کُرِنتھِیوں 4: 18 – 2



**فِلِپّیوں 4: 3**

**اور اَے سچّے ہم خِدمت! تُجھ سے بھی درخواست کرتا ہُوں کہ تُو اُن عَورتوں کی مدد کر کیونکہ اُنہوں نے میرے ساتھ خُوشخبری پَھیلانے میں کلیمینس اور میرے اُن باقی ہم خِدمتوں سمیت جانفشانی کی جِن کے نام کِتابِ حیات میں درج ہیں۔**

تصور کریں، آپ اسکول میں ہیں اور اپنےپسندیدہ مضمون ریاضی کا کام لکھ رہےہیں، اور آپکےکچھ جوابات غلط ہوگئے ہیں۔ پہلی چیزجو آپ سوچ سکتےہیں وہ یہ ہےکہ آپ ریاضی میں اچھے نہیں ہیں۔ یا ہو سکتا ہے، آپ اپنےدوستوں کیساتھ اپنا پسندیدہ کھیل (فٹ بال) کھیل رہےہوں اور آپکےتمام دوست گول کر رہےہوں لیکن آپ گول نہیں کر پاتےاور آپکےدوست آپکو بتاتے ہیں کہ آپ فٹ بال میں زیادہ اچھے نہیں ہیں۔

خدا کےبچےکےطور پر، آپکو اسطرح کےخیالات کو رد کرناچاہئے. آپ اٹھیں اور اسےجھاڑیں اورخود کو بتائیں کہ میں بہترین فٹبالر ہوں، میں ریاضی میں بہترین ہوں! یہ بولنا بند نہ کریں !

## نبوتی اقرار

**میں نے غلط سوچوں میں پھنسنےسے انکار کر دیا، پرانا مٹ گیا، نیا آ گیا۔ میں ایک نیا مخلوق ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 5: 17 – 2


GoodNews
DAILY
Kids
GOODNEWS
DAILY FOR KIDS
Job
Psalms



**یُوحنّا 16: 23**

**اُس دِن تُم مُجھ سے کُچھ نہ پُوچھو گے۔ مَیں تُم سے سچ کہتا ہُوں کہ اگر باپ سے کُچھ مانگو گے تو وہ میرے نام سے تُم کو دے گا۔**

بچو، کیا آپ نےکبھی یسوع کے نام پردعا کی اورکچھ نہیں ہوا؟ میراہاتھ اوپرہےاورمجھےیقین ہےکہ آپکا بھی ہے! یسوع مسیح کےنام میں دعا کرنےکا مطلب صرف یسوع کا نام پاس ورڈ کیطرح کہنا نہیں ہے۔ لفظ نام کامطلب یسوع جیسا کردار اور رویہ ہے۔ ہمارے خداوند یسوع کےبارےمیں اوروہ کیسےدعا کریں گےسوچیں۔ یسوع مسیح اکثرخود کو الگ اور سب سےدورکرتےاورگھنٹوں دعا کیلیےجاتے۔

ہمارےخداوند یسوع مسیح نےہمیں اپنا نام دیا تاکہ ہم زمین پراسکےاختیارکیساتھ کام کرسکیں۔ لہٰذا جب آپ دعا کرتےہیں تو آپ اپنےنہیں بلکہ خُداوند یسوع مسیح کےطورپردعا کرتےہیں۔ آج ہی اختیارلیں اور یسوع کےنام میں دلیری کیساتھ دعا کرنا شروع کریں۔ ہمیشہ چیزیں نہ مانگیں بلکہ شکرگزاری میں دعا کریں، یاد رکھیں کہ خداوند نےآپکےلیےکیا کیا ہے۔ آمین۔

## نبوتی اقرار

**جواب نہ ملنےوالی دعا کی تصدیق مجھ میں نہیں بلکہ یسوع مسیح میں ملےگی۔ میں ثبوت بنانے والا مسیحی بنوں گا! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

اِفِسیوں 1: 22-21



**یُوحنّا 5: 14 – 1**

**اور ہمیں جو اُس کے سامنے دِلیری ہے اُس کا سبب یہ ہے کہ اگر اُس کی مرضی کے مُوافِق کُچھ مانگتے ہیں تو وہ ہماری سُنتا ہے۔**

بچو ایک وقت تھا، میرےپاس بالکل پیسےنہیں تھے، لیکن مجھےیاد ہےکہ میں ایک کارکی دکان میں گیا، مجھےوہ کارنظر آئی جومیں ہمیشہ سےچاہتا تھا، ایک بالکل نئی مرسڈیز بینز۔ اسکی قیمت ہزاروں پاؤنڈ تھی جومیرےبینک اکاؤنٹ میں نہیں تھے۔ میں گھرگیا اورکلام تلاش کیاجومیری خواہش سےمتفق تھا، اورمجھےوہ مل گیا۔ یسوع مسیح نےاپنےشاگردوں سےکہا، ایک ایساگدھاتلاش کروجوکبھی استعمال نہ ہوا ہوجیسےمیں ایک نئی گاڑی چاہتاتھا !

لہذا، میں نےاس آیت کیساتھ اوربیگانہ ذبانوں میں بھی دعا کی، کچھ ہی دنوں میں میں نےحقیقت میں معجزاتی پیسےسےوہ کارخرید لی! بچو یقینی بنائیں کہ آپکےپاس اس چیزکےبارےمیں ایک کلام یا نبوتی کلام ہوجسکےلئےآپ دعا کر رہےہیں اور خدا کےکلام کا فرمان واعلان کریں اورآپ یقیناً ایک گواہی کیساتھ واپس آئیں گے !

## نبوتی اقرار

**میں اپنی زندگی میں خدا کےکلام کا فرمان و اعلان کروں گا، اور میں اپنی دعائیہ زندگی میں مزید گہرائی میں جاؤں گا۔ مجھے یقیناً یسوع کےقادر نام میں اچھی کامیابی ملےگی! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

یُوحنّا 5: 14-15 – 1



**پَیدائش 18: 17**
**اور خُداوند نے کہا کہ جو کُچھ مَیں کرنے کو ہُوں کیا اُسے ابرہامؔ سے پوشِیدہ رکھُّوں؟**

سوچیں اگر کوئی اجنبی آپکے گھر میں داخل ہونے، آپکا کھانا کھانے،آپکے کپڑے پہننےکا فیصلہ کرتا ہے۔ یہ معمولی نہیں ہے، ہے نا؟ اسی لیے آپکے والدین ہیں تاکہ وہ آپکےگھر کی حفاظت کرسکیں۔ انکےعلم کےبغیرگھرمیں کچھ نہیں ہوتا۔ ایک روحانی مشاہد یہی کرتا ہےاورابرہام بھی ایسا ہی ایک شخص تھا۔

ایک روحانی مشاہد اپنے خاندانوں یا قوموں کی حفاظت اور دعا کرتا ہے یہ یقینی بناتے ہوئے کہ کوئی ناپسندیدہ روح ان کےعلاقے میں داخل نہ ہو۔ انکےجانےبغیر کچھ نہیں ہوتا اوراگر خدا اس علاقے میں کچھ کرناچاہتا ہے، تو اسے پہلے آپ سے بات کرنی ہوگی، بالکل ابرہام کیطرح! ایک روحانی سرپرست کےطورپر اٹھیں اور اپنےآس پاس کےلوگوں کیلیےشفاعت اور دعا کرنا شروع کریں۔ اپنےخاندان، دوستوں، اسکول، محلے، علاقے اور شہر کیلیےدعا کریں۔

## نبوتی اقرار

**اس سال میں ثابت کروں گا کہ میں اپنے خاندان کا یوسف ہوں۔ میں زمین پر جنت کے اس سال میں اپنے خاندان، دوستوں اور قوموں کیلیے دعا کروں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**
اَعمال 9: 10



**مُکاشفہ 5: 10**

**اور اُن کو ہمارے خُدا کے لِئے ایک بادشاہی اور کاہِن بنا دِیا اور وہ زمِین پر بادشاہی کرتے ہیں۔**

زیادہ تر لوگ جب کاہنوں کے بارے میں سوچتے ہیں تو وہ ایک بہت بوڑھے آدمی کے بارے میں سوچتے ہیں جو کسی عبادت گاہ میں ایک بڑی قربان گاہ کے پیچھے کھڑا، بخور یا موم بتیاں جلا رہا ہے۔ یہ وہ کاہن نہیں ہیں جن کا ہماری آج کی آیت ذکرکر رہی ہے۔ ہم آپکےکاہن ہونےکی بات کر رہےہیں۔ ہاں آپ! خدا اب عمارتوں میں نہیں بلکہ آپکےاندر رہتا ہے جو آپکو اپنا معبد بناتا ہے۔

آپکی قربان گاہ کو آپکی دعائیہ زندگی سےمدد ملتی ہے، جیسے ہی آپ دعا کرتےہیں آپ روحانی طورپر آگ سےچمکنے لگتےہیں۔ ہمارے خُداوند یسوع مسیح کیساتھ یہی ہوا، بائبل کہتی ہے جب اُس نےدعا کی، وہ سورج کیطرح روشن ہو گیا! آپ کیساتھ ہر بار دعا کرتےوقت ایسا ہی ہوتا ہے۔ اپنی آگ کو کبھی مدھم نہ ہونےدیں بلکہ مسلسل دعا کرتےرہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں ایک بادشاہ اور کاہن ہوں اور میں دعا کرتے وقت روح القدس کی آگ سے جل جاتا ہوں! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

متّی 17: 2-1، متّی 21: 13



**امثال 18: 2**

**احمق فہم سے خُوش نہیں ہوتا لیکن صِرف اِس سے کہ اپنے دِل کا حال ظاہِر کرے۔**

آج کا گڈ نیوز ڈیلی آپکو سکھا رہا ہے، آپکا یہ معلوم کرکے زندگی گزارنا ممکن ہےکہ آپ مسیح میں کون ہیں، اسکےبغیر کےدوسرے آپکو بتائیں کہ آپ کون ہیں، یا وہ آپکو کون سمجھتےہیں۔

آج سےہمیشہ اس بات کا حوالہ دیں کہ خدا کا کلام آپکےبارےمیں کیا کہتا ہےاور ہر دن کا آغاز خود کو نبوت کرکےکریں۔ فرمان واعلان کریں کہ آپ خدا کا شاہکار ہیں، آپ فاتح ہیں۔ آپ سر ہیں اور کبھی دم نہیں۔ آپ ایک علاقائی کمانڈر ہیں اور آپ چیزوں کو وجود میں لاتےہیں۔ آپ کسی چیز سے ہلتےنہیں ہیں۔ بالکل یہی آپ مسیح میں ہیں، آپ ایک فاتح سے زیادہ ہیں۔ آپ اس دنیا سے نہیں ہیں، اور آپ یقیناً وہ نہیں ہیں جو دنیا کہتی ہےکہ آپ ہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں وہی ہوں جو خدا کا کلام میرے بارے میں کہتا ہے، میں ہر اس چیز سے بالاتر ہوں جو میرے راستے میں آتی ہے اور میں اپنے ہر کام میں ایک فاتح سے بڑھ کر ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 6: 1 – 2



**تِیمُتھِیُس 4: 15 – 1**

**اِن باتوں کی فِکر رکھ۔ اِن ہی میں مشغُول رہ تاکہ تیری ترقّی سب پر ظاہِر ہو۔**

بچو، آپ میں سے اکثر نے چھپن چھپائی کےکھیل کا سنا ہوگا۔ یہ ایک دلچسپ کھیل ہے اور یہ ایک طویل عرصے سے چل رہا ہے۔ ایک شخص کو 10 یا 20 تک گننا ہوگا اور دوسرے شخص یا لوگوں کو چھپنا ہوگا۔ یہ گننےوالے شخص کا کام ہےکہ ہر چھپنےوالےشخص کو تلاش کرے۔

چھپنےاورڈھونڈنےکا مقصد اتنا تخلیقی ہونا ہےکہ چھپنےوالے کو کبھی ڈھونڈا نہ جا سکے۔ جب ہمارے خدا کی بات آتی ہے تو اس کے بالکل برعکس ہوتا ہے۔ خدا یہ نہیں چاہتا کہ تم چھپ جاؤ بلکہ وہ تمہیں دنیا کے سامنے دکھانا چاہتا ہے۔ ہیلیلویاہ۔

جب آپ مکمل خود کو خدا کےحوالے کرکے کلام پر دھیان کریں گے، توآپکی اچھی کامیابی آپکےآس پاس کےہر فرد کو نظر آئیگی۔ بچو ہمیشہ یاد رکھیں، آپ ایک پہاڑ پر قائم شہر ہیں، آپکی روشنی چھپی نہیں رہے گی جیسے آپ ہمارے آج کےکلام پر ہاگار کرتےہیں !

## نبوتی اقرار

**میں ایک پہاڑ پر قائم شہر ہوں، میں یسوع کےقادر نام میں اپنی دنیا کا نور ہوں !**

**مزید مطالعہ**

متّی 5: 14-13

**سموئیل 10: 10 – 1**

**اور جب وہ اُدھر اُس پہاڑ کے پاس آئے تو نبِیوں کی ایک جماعت اُس کو مِلی اور خُدا کی رُوح اُس پر زور سے نازِل ہُوئی اور وہ بھی اُن کے درمِیان نبُوّت کرنے لگا۔**



بچو، آپ نےٹارزن اور دی جنگل بک جیسی بچوں کی کہانیوں کی کتابیں دیکھی ہوں‌گی، جو جانوروں کیساتھ پلےبڑھےاور ان جانوروں کیطرح حرکتیں، باتیں اورسوچنےلگے۔ ہمارا آج کاکلام اس بات پر روشنی ڈالتا ہےکہ کسطرح ساؤل نےنبیوں کےایک گروہ سےملاقات کی اورنبوت شروع کی۔ آپ جن لوگوں کیساتھ سب سےزیادہ وقت گزارتےہیں انکی طرح بن جاتے ہیں۔

ساؤل نبی نہیں تھا لیکن چونکہ وہ نبیوں کیساتھ بہت زیادہ وقت گزارتا تھا اسلیےاس نےبھی نبی کیطرح کام کرنا شروع کردیا۔ لہٰذا، جتنا زیادہ آپ خود کو گڈنیوزڈیلی پڑھنے، گڈنیوزکی تعلیمات سننے، اورخدا کےکلام کو پڑھنےکیلیےالگ کریں‌گے، آپکےخیالات اور طرزعمل بدلنا شروع ہو جائیں‌گے۔ اسلیےبچو سمجھداری سےانتخاب کریں کہ آپ کس کیساتھ گھومتےہیں اورخود سےپوچھیں کہ کیا آپ ان جیسا بنناچاہتےہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں نبی یوبرٹ اینجل کی پیروی کرتا ہوں جیسےوہ ہمارے خداوند یسوع مسیح کی پیروی کرتےہیں۔ میں تبدیل ہورہا ہوں کیونکہ میں گڈنیوز کا مکاشفہ سنتا رہتا ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

اَعمال 4: 13

**خرُوج 17: 11**

اور جب تک مُوسیٰؔ اپنا ہاتھ اُٹھائے رہتا تھا بنی اِسرائیل غالِب رہتے تھے اور جب وہ ہاتھ لٹکا دیتا تھا تب عمالیقی غالِب ہوتے تھے۔



بچو ایک سیکنڈ کیلیےتصور کریں، اگر آپکا ایک دوست تھا جسےاسکول میں ہمیشہ تنگ کیا جاتا اورایک دن اسےآپکے ملک کےصدر نےدعوت دی۔ لوگ آپکےدوست کیلئےخوش ہوں‌گےلیکن صرف اس لیےکہ انھیں ایک بار صدر نےگھر بلایا تھا تنگ کرنیوالوں کو نہیں روکتا۔ تاہم، اگراب صدر آپکےدوست سےتقریباً روزانہ فون پر بات کرتےہیں اوراسے باقاعدگی سےاپنےگھر بلاتےہیں؟ اب تنگ کرنیوالےخوفزدہ ہونگے کیونکہ آپکا دوست ملک کےطاقتور ترین شخص کے قریب ہے۔

اب اگر آپ ایک بارخدا سےبات کرتےہیں تو شیطان خوفزدہ نہیں ہوتا ، لیکن جب آپ باقاعدگی سےخدا سےبات کرتےہیں! کیونکہ وہ جانتا ہےکہ اب آپکا خدا کیساتھ قریبی رشتہ ہے۔ خُدا سےباقاعدگی سےبات کریں اوراب سےاُسکےساتھ زیادہ وقت گزاریں، خاص طورپر زمین پرجنت کےاس سال میں، کیونکہ ہم خُدا کی چیزوں میں مزید گہرائی میں جا رہےہیں۔ ہیلیلویاہ۔

## نبوتی اقرار

میں دعا اور خدا کےکلام کےمطالعہ کےذریعےخدا کیساتھ زیادہ وقت گزاروں‌گا۔ میں اسی سال زمین پر جنت کا تجربہ کروں‌گا۔ آمین۔

**مزید مطالعہ**

خرُوج 17: 13-11



**کُرنتھِیوں 9: 27 - 1**
**بلکہ مَیں اپنے بدن کو مارتا کُوٹتا اور اُسے قابُو میں رکھتا ہُوں اَیسا نہ ہو کہ اَوروں میں مُنادی کر کے آپ نامقبُول ٹھہرُوں۔**

سوچو بچو، اگر آپکے پاس دو کتےہیں اور آپ ایک کتےکو روزایک اچھاصحت بخش کھانا کھلاتےہیں، اور دوسرے کتےکو صرف ایک بارکھانا کھلاتےہیں۔ دو کتوں میں سے، آپکےخیال میں کون بچ جائیگا؟ ہاں وہی جسےآپ کھلاتے رہے۔ اب بچو آپکی روح اور جسم ایک جیسے ہیں، آپکا جسم کھانا، سونا یا کھیلنا چاہتا ہے لیکن آپکی روح دعا کرنا اور خدا کےکلام کو ذیادہ پڑھنا چاہتی ہے۔

جسے آپ سب سےزیادہ کھاناکھلاتےہیں، وہی ردعمل ظاہرکریگا۔ ہماری آیت ہمیں بتا رہی ہے، اپنےگوشت سےزیادہ اپنی روح کوکھلائیں تاکہ یہ روحانی طور پرمضبوط ہو۔ جب آپ اپنی روح کو خُدا کےکلام پرزیادہ کھلاتےہیں، تو آپ وہ نہیں سنیں گےجو گوشت اورجسم چاہتا ہے۔ اسکے بعد آپ لمبےگھنٹےدعا اورعبادت میں گزارنےلگیں گے۔ ہیلیلویاہ۔

## نبوتی اقرار

**میں زمین پر جنت کے اس سال میں کم کھاؤں گا، کم سوؤں گا اور زیادہ دعا کروں گا۔ روح مجھ میں اٹھے گی اور میں اپنے جسم کے قابو میں نہیں جاؤں‌گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**
متّی 17: 21، رُومِیوں 8: 13



**تِھسّلُنیکیوں 4: 16 - 1**

**کیونکہ خُداوند خُود آسمان سے للکار اور مُقرّب فِرشتہ کی آواز اور خُدا کے نرسِنگے کے ساتھ اُتر آئے گا اور پہلے تو وہ جو مسِیح میں مُوئے جی اُٹھیں گے۔**

بچو، جب آپ کسی سےپوچھیں، وہ اسکول کیسےجاتےہیں توکچھ کہہ سکتےہیں کہ گاڑی، ٹرین، بس یا سائیکل سے۔ کیا آج کی آیت میں غورکیا، یسوع واپس آنےکیلیےجوٹرانسپورٹ یا گاڑی استعمال کریں گے؟ یہ کہتی ہے، للکاراورایک مقرب فرشتےکی آوازکیساتھ! یہ ہمیں بتاتا ہے، کیسےروحیں اورفرشتےآوازکی لہروں کےذریعےسفرکرتےہیں۔ وہ صرف ان آوازوں سےسفرکرسکتےہیں جو ہم بولےگئےالفاظ کیساتھ بناتےہیں۔

جب آپ ماحول میں مثبت الفاظ بولتےہیں، فرشتےآپکی روح میں خیالات ڈالنےکی اسائنمنٹ کیلیےسفرکریں گے۔ تاہم، جب آپ منفی الفاظ بولتےہیں، یہ آپکےکہےگئےتمام مثبت الفاظ کومنسوخ کردیگا۔ یاد رکھیں الفاظ روح کےدائرےمیں مادی چیزیں ہیں۔ اسلیےبچو، آپکو ہمیشہ وہی بولناچاہیےجوخدا کا کلام آپکےبارےمیں کہتا ہے، چاہےآپکو کیسا بھی محسوس ہو یا صورتحال کیسی بھی ہو۔

## نبوتی اقرار

**جب میں ماحول میں الفاظ بولتا ہوں، میں روحانی دائرے میں فرشتوں کےسفر کیلیےسڑکیں بناتا ہوں۔ میں فرمان واعلان کرتا ہوں، میں کامیاب، صحت مند، دولت مند ہوں، میں زمین پرجنت کےاس سال میں اپنی بہترین زندگی گزاروں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 4: 13 - 2



**یُوحنّا 17: 16**

**جِس طرح مَیں دُنیا کا نہیں وہ بھی دُنیا کے نہیں۔**

بچو، جب آپ لفظ باغی سنتے ہیں تو اس کا مطلب کسی چیز کے خلاف جانا ہے۔ لہذا اگر آپکو بتایا جائے کہ آپکو کمرے میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے اور آپ پھر بھی داخل ہوتے ہیں تو آپکو باغی سمجھا جاتا ہے۔ آپ اسکے خلاف جا رہے ہیں جو آپکو نہ کرنے کا کہا گیا ہے۔

اس دنیا میں جس میں ہم رہتے ہیں، مسیح کیلیے پہلے سے کہیں زیادہ باغی ہونا بہت ضروری ہے۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ دنیا جو کچھ بھی کرتی ہے، جو مسیح کے خلاف جاتا ہے آپ اسکے خلاف بغاوت کرتے ہیں۔

آپ اس دنیا میں ہوسکتے ہیں لیکن ہمیشہ یاد رکھیں کہ آپ اسکے نہیں ہیں۔ اپنے اسکول، دوستی کے گروپ، خاندان میں مختلف بنیں! ہمارے خُداوند یسوع مسیح کیلیے باغی بنیں اور آج ہی شروع کریں !

## نبوتی اقرار

**میں مسیح کا باغی ہوں، جو مسیح کرتا اور کہتا ہے، میں وہی کرتا اور کہتا ہوں۔ میں ہر اس چیز کے خلاف بغاوت کرتا ہوں جو خدا کے خلاف ہو! جلال، آمین !**

**مزید مطالعہ**

متّی 5: 14

GoodNews DAILY

# You are LOVED beyond MEASURE

— Romans 8:38



GoodNews DAILY

# TRUST

in the

# LORD

with all your

# HEART

— Proverbs 3:5



**کُرِنتھِیوں 1: 11 – 1**

**کیونکہ اَے بھائِیو! تُمھاری نِسبت مُجھے خلوئے کے گھر والوں سے معلُوم ہُؤا کہ تُم میں جھگڑے ہو رہے ہیں۔**

آپ نےمجھ سےیہ کہانی پہلےبھی سنی ہوگی کہ کیسےمیں ایک رات ملاوی، افریقہ میں اپنےکمرے میں تھا اوراچانک میرے سامنےمقرب فرشتہ میکاایل نمودارہوا۔ وہ دیکھنے میں عجیب تھا اور اسکا پورا جسم اوپر سےنیچے، بائیں سےدائیں چھریوں سےبنا ہوا تھا۔ اگر آپ نےغورکیاہو، بائبل میں فرشتہ میکاایل اسرائیل کا محافظ ہےتو وہ ملاوی میں کیا کر رہا تھا؟ اسکی وجہ یہ ہےکہ اس نےسوچا کہ وہ اسرائیل میں ہے۔

آپ سمجھیں، میں نےاسرائیل کےپرانےانبیاء جیسےموسیٰ اور ایلیاہ کو اتنا نقل کیاکہ میرے اردگرد کا ماحول فرشتہ میکاایل کو اسرائیل جیسا محسوس ہوا۔ تو بچو، جب آپ میری طرح کپڑےپہننے، بات کرنے، چلنےپھرنے، دعا کرنےلگیں گے، تو آپ ان فرشتوں کو اپنی طرف متوجہ کریں گےجو میرےساتھ چلتےہیں، اور آپ بھی اسی فضل کےتحت کام کرسکتےہیں !

## نبوتی اقرار

**جیسا کہ میں نبی یوبرٹ اینجل کو نقل کرتا ہوں، میں جہاں بھی جاتا ہوں ان کا ماحول اپنےاندر رکھتا ہوں اور ان کےفضل کےتحت کام کرتا ہوں۔ وہ ہمارے خداوند یسوع مسیح کیلیےمیری نشانی ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 11: 2-1 – 1



رُومِیوں 5: 5

**اور اُمّید سے شرمِندگی حاصِل نہیں ہوتی کیونکہ رُوحُ القُدس جو ہم کو بخشا گیا ہے اُس کے وسِیلہ سے خُدا کی مُحبّت ہمارے دِلوں میں ڈالی گئی ہے۔**

لوگ ہمیشہ مجھ سےپوچھتےہیں، میں خداکوکیسےسنتا ہوں اورمیراجواب ہمیشہ ایک ہی ہوتا ہے۔ محبت میں چلیں۔ آپ جانتے ہیں، آپ میں خدا کیطرح دوسروں سےمحبت کرنےکی طاقت ہے؟ یہ طاقت صرف مسیح کواپنےاندر رکھنےسےحاصل کی جا سکتی ہے۔ بغیرخودغرضی کےدوسروں سےمحبت کرنا مصلوب زندگی کی علامت ہے۔

دوسروں کی مسلسل حوصلہ افزائی کرتےہوئےمحبت میں چلنےکا، خدا کےکلام کوسمجھنےمیں دوسروں کی مدد کرنےکا مطلب ہےکہ آپ روح کےمطابق چل رہےہیں۔ جب آپ روح کیساتھ چلتےہیں تو آپ خداکو آپ سےبات کرتےہوئےسننے کے لئےکہیں زیادہ بہتر پوزیشن میں ہوتےہیں کیونکہ خدا محبت ہے۔ دوسروں کیساتھ صبرسے، جہاں ہو سکے انکی حوصلہ افزائی کرتےہوئے، اور انکےلیےدعا کرتےہوئے انکےساتھ محبت کیساتھ چلتے رہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں روح سے پیدا ہوا ہوں اور میں روح القدس کی قیادت میں ہوں۔ میں اپنے خداوند یسوع مسیح کی طرح محبت میں چلوں گا، اور میں اپنے آس پاس کے لوگوں کے لئے مسیح کی محبت کا مظاہرہ کروں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

گلتِیوں 5: 22، 1 – تھِسّلُنیکیوں 5: 12-18



**کُرِنتھِیوں 2: 6 - 1**

**پِھر بھی کامِلوں میں ہم حِکمت کی باتیں کہتے ہیں لیکن اِس جہان کی اور اِس جہان کے نیست ہونے والے سرداروں کی حِکمت نہیں۔**

بچو جب ہم آج کا کلام پڑھتےہیں، تو پولس ہماری آیت میں کس حکمت کی بات کرتا ہے؟ وہ خدا کےکلام کےبارے میں بات کر رہا ہے۔ کیا آپ جانتےہیں، جب آپ خدا کےکلام کی بات کرتےہیں توآپ حکمت کی بات کر رہےہوتےہیں؟ آپ ایسی ہوشیار ذہین باتیں کر رہےہوتےہیں جو دنیا کی حکمت سےبالاترہیں۔

اسی لیے جو شخص شدید بیمارہوتا ہےاورصرف ہسپتال میں ہی علاج کرواتا ہےتو شفا نہیں پاتا۔ لیکن جب وہ شخص ایمان رکھتا ہو اورصحت کیلیےخدا کاکلام کہتا ہو یا میں اس پرہاتھ رکھتا ہوں تو وہ مکمل ٹھیک کیوں ہوجاتا ہے؟ بچو یہ خدا جیسی حکمت ہے۔ یہ حکمت صرف خدا کےفرزندوں کیلیےہے اور یہ اس دنیا سےپوشیدہ ہے۔ آج سےہرحال میں حکمت کی باتیں کہنا شروع کریں اور اپنی زندگی میں مافوق الفطرت نتائج دیکھیں۔

## نبوتی اقرار

**میں خدا کی حکمت کی باتیں کہتا ہوں۔ جیسا کہ میں کلام پڑھتا ہوں، مجھے یسوع کےقادر نام میں علم اورسمجھ حاصل ہوتی ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 2: 7-6 - 1



**متّی 5: 13**

**تُم زمِین کے نمک ہو لیکن اگر نمک کا مزہ جاتا رہے تو وہ کِس چیز سے نمکِین کِیا جائے گا؟ پِھر وہ کِسی کام کا نہیں سِوا اِس کے کہ باہر پَھینکا جائے اور آدمِیوں کے پاؤں کے نِیچے رَوندا جائے۔**

بچو، میں اکثرلوگوں کوبتاتا ہوں کہ دو چیزیں ہو سکتی ہیں، آپ متاثر کن ہو سکتےہیں یا وہ جو متاثر ہوتےہیں۔ خدا کے بچےکےطورپر آپکو اس دنیا سےالگ کردیا گیا ہے۔

بائبل ہمیں بتاتی ہےکہ آپ دنیا کےنمک ہیں اورآپکو کبھی بھی اپنا ذائقہ نہیں کھونا چاہئے۔ لوگوں کو حوصلہ افزائی اور مشورے کیلیےآپکی طرف دیکھنا چاہیے، لیکن اگر آپ دنیا میں ہیں اور مسیح کو ہدیہ نہیں ہوئےتو اس دنیا کےجال میں پھنسنا آسان ہے۔

اسکے بعد آپ باقی سب کی طرح بات اور کام کرنا شروع کر دیتےہیں۔ خود کو ایسا نہ ہونے دیں، مختلف اور دلیر بنیں اور کبھی بھی انجیل پرنہ شرمائیں !

## نبوتی اقرار

**میں ایک متاثر کن ہوں، لوگ جوابات کیلیے میری طرف دیکھتے ہیں۔ میں یسوع مسیح کیلیے ہدیہ ہو چکا ہوں اور باقی دنیا کو خوشخبری سناؤں گا! ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

یُوحنّا 8: 12



**کُلسِّیوں 2: 3**
**جِس میں حِکمت اور معرفت کے سب خَزانے پَوشِیدہ ہیں۔**

بچوں، کیا آپ جانتے ہیں، ہماری آیت میں لفظ خزانےکا مطلب مختلف قسم کی حکمت ہے۔ جب بادشاہ سلیمان نےخدا سے حکمت مانگی، اسے موسیقی، پودوں اور جانوروں سمیت بہت سےمعاملات کے بارے میں حکمت دی گئی۔ ہماری آیت ہمیں بتاتی ہے، مسیح میں چند ایک نہیں بلکہ تمام قسم کی حکمتیں رکھی گئی ہیں۔ مسیح آپ میں ہے اور یہ آپکو بادشاہ سلیمان سے کہیں زیادہ بہتر بناتا ہے۔

یعنی اسکول میں آپ کبھی ناکام نہیں ہوسکتے۔
کوئی بھی مضمون آپ کیلیے بہت مشکل نہیں ہو سکتا کیونکہ آپ میں مسیح موجود ہے۔ آپ اپنی تعلیم جیسے ریاضی، انگریزی، سائنس اوربہت کچھ کے بارے میں تمام حکمتیں مسیح میں حاصل کر سکتےہیں۔ آپکو بس اس پر یقین کرنا ہے اور دن بھر اسے کہتے رہنا ہے۔ خود کو بتائیں کہ جو مضمون آپکو مشکل لگتا ہے وہ آسان ہے اور آپکو اسکی مافوق الفطرت طور پر سمجھ آنے لگے گی۔

## نبوتی اقرار

**تمام حکمت اور سمجھ میں، میں زمین پر جنت کے اس سال میں باقی دنیا سے دس گنا بہتر ہوں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

سلاطِین 4: 33-32 – 1

**امثال 8: 22**

**خُداوند نے اِنتظامِ عالَم کے شرُوع میں اپنی قدِیمی صنعتوں سے پہلے مُجھے پَیدا کِیا۔**



بچو جب ہم آج کا کلام پڑھتےہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے، اب آپکے اندر جو حکمت ہے وہی اس دنیا کو تخلیق کرنے کیلیے استعمال کی گئی تھی! اسےحکمت صوفیہ کہا جاتا ہےاور یہ وہی حکمت ہےجو ہمارے خداوند یسوع مسیح نے پانی پرچلنے کیلیے استعمال کی۔ جب آپ دوبارہ پیدا ہوئےتو آپ نےمسیح کو حاصل کیا اور آپکو حکمت صوفیہ بھی ملی۔ یہ ایسی چیز نہیں ہے جس کیلیےآپکو دعا کرنےکی ضرورت ہو کیونکہ بائبل کہتی ہےکہ خدا نےمسیح کو ہماری حکمت بنایا ہےاور ہمارے پاس مسیح کا مزاج ہے۔

آپ حکمت کے بغیر کچھ نہیں کر سکتےاس لیے یہ بہت اہم ہے۔ جب آپ اس پر یقین کریں گےاور کہتے رہیں گےکہ میرے پاس حکمت صوفیہ ہےآپ اس میں کام کرنا شروع کر دیں گے۔ بیگانہ زبانوں میں دعا کریں اورجبکہ آپ یہ پڑھ رہےہیں، آپ میں حکمت صوفیہ فعال ہوتی جارہی ہے۔

## نبوتی اقرار

**خداوند تیرا شکر ہے کہ مجھے میری نسل سے زیادہ عقلمند بنایا ہے۔ حکمت، علم اور تربیت اس سال یسوع کے نام میں میرا حصہ ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

امثال 8: 33-12



**امثال 4: 7**

**حِکمت افضل اصل ہے۔ پس حِکمت حاصِل کر بلکہ اپنے تمام حاصِلات سے فہم حاصِل کر۔**

بچو، کیا آپ نےغورکیا ہےکہ جب کمپیوٹر یا گیم کنسول جیسی کوئی چیز ٹوٹتی ہے، تو سب سےپہلےانسٹرکشن بک کو دیکھنا ہوتا ہے۔ اگرآپ اسےبغیر انسٹرکشن بک کےٹھیک کرنےکوشش کرینگےتو آپ شاید اسےاور بھی توڑ دیں گےاورناکام ہو جائیں گے۔ آج ہماری آیت ہمیں بتا رہی ہے، اگرہمیں کوئی مشکل پیش آئےیا کوئی اہم فیصلہ کرنا ہوتو سب سےپہلےاپنی کتابِ ہدایت سےحکمت حاصل کریں، جو کہ بائبل ہے۔

ہمیں پہلے یہ جاننےکی ضرورت ہےکہ خدا ہماری صورتحال کےبارے میں کیا کہتا ہے۔ اس لیے گڈ نیوز ڈیلی اہم ہےکیونکہ یہ ہمیں بتاتا ہےکہ خدا پورے دن کیلیےکیا کہہ رہا ہے۔ یہ کتنی کمال بات ہےنا! لھذا، اگر آپکاجسم بیمار ہےتو ایسا کلام تلاش کریں جوصحت کےبارے میں بات کرتا ہے اور اسےبولیں اور خدا کےکلام پر دھیان کریں اور یہ ہرصورتحال پر لاگو ہوتا ہے جس سے آپ گزر رہےہیں۔

## نبوتی اقرار

**اس سال میں خدا جیسا ایمان استعمال کروں گا۔ میرے تمام فیصلے خدا کے کلام کے ذریعے کیے جائیں گے کیونکہ میں روزانہ اس پر دھیان کرتا رہتا ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

سموئیل 30: 8-3 – 1



**پطرؔس 3: 18 - 2**

**بلکہ ہمارے خُداوند اور مُنّجی یِسُوعؔ مسِیح کے فضل اور عِرفان میں بڑھتے جاؤ۔ اُسی کی تمجِید اب بھی ہو اور ابد تک ہوتی رہے۔ آمِین۔**

بچوکیا آپ جانتےہیں، ہم جس دنیا میں رہ رہے ہیں، سب کچھ معلومات سےمتعلق ہےاوراس سےاہم بات یہ ہےکہ آپ کتنا جانتےہیں اورآپ کون سی معلومات لے رہے ہیں؟ تو آپکوخداکےبارےمیں کیا معلومات ہیں؟ کیا آپ نےکبھی سوچا ہےکہ جو لوگ اپنی زندگی میں بہت ساری چیزوں کاسامنا کر رہےہیں، انکےپاس اب بھی بہت زیادہ ایمان ہےاور وہ مضبوط سے مضبوط تر ہوتے رہتےہیں؟ یہ اس لیےہےکہ وہ جانتےہیں کہ خدا نےاپنے کلام میں کیا کہا ہے۔

اس لیےمیرے گھر میں آپ کلام پڑھےبغیردوسرے کمرے میں نہیں جا سکتےکیونکہ ہرکمرےمیں ایک بائبل ہے۔ اس سے مجھےعرفان میں مسلسل بڑھنےمیں مدد ملتی ہے۔ جب آپ ایسا کرتےہیں تو دشمن آپکو دھوکہ نہیں دے سکتا یا آپکا دھیان نہیں ہٹا سکتا۔ پورا دن ایک صحیفہ پڑھنےاورخدا کےکلام پر دھیان کرنےکیلیے اپنی بائبل بار بار کھولیں۔

## نبوتی اقرار

**زمین پر جنت کے اس سال میں میں خدا کے کلام پر مزید دھیان کروں گا، اور حکمت اور عرفان میں بڑھوں گا۔ ہیلیلویاہ، آمین۔**

**مزید مطالعہ**

واعِظ 2: 26



**یُوحنّا 5: 14 – 1**

**اور ہمیں جو اُس کے سامنے دِلیری ہے اُس کا سبب یہ ہے کہ اگر اُس کی مرضی کے مُوافِق کُچھ مانگتے ہیں تو وہ ہماری سُنتا ہے۔**

بچو بہت دفعہ، جب لوگ دعاکرتےہیں، وہ صرف بیگانہ زبان میں دعا کرنےلگتےہیں جس میں کوئی دعائیہ نقطہ یامقصد نہیں ہوتاہے۔ وہ آمین اورشکریہ کہتےہیں، نہ جانتےہوئےکہ انہوں نےکیا دعا مانگی ہے۔ جب لوگ ایسا کرتےہیں، توانہیں کیا پتہ، انکی دعا نےکام کیا یا قبول ہوئی؟ بچو ہمیں دعا میں حکمت استعمال کرنی چاہیے۔

ذہن میں ایک مقصد رکھیں اوراسےلکھیں۔ ایک کلام تلاش کریں جواسکی تائید کرتا ہوجسکی آپ دعا کر رہےہیں اورجب آپ بیگانہ زبان میں دعا کرتےہیں تواسےبولیں اورذہن میں رکھیں۔ دعا کرنےکےبعد دیکھیں، کیا آپ نےجو دعا مانگی تھی وہ پوری ہوئی ہےکیونکہ آپ یقیناً نتائج دیکھیں گے۔ اپنی دعائیہ زندگی میں حکمت کا استعمال کریں۔ اگر میں اور بی بی اینجل دعا کرسکتےہیں تو آپ کیوں نہیں، اس لیےبچوہمیشہ دعا کرنا یاد رکھیں۔

## نبوتی اقرار

**دعا کرنا آسان ہے! زمین پرجنت کےاس سال میں، دعا میرا طرززندگی ہے۔ میں زیادہ وقت دعا کروں‌گا اور میں ایک مقصد کیساتھ دعا کروں‌گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

یُوحنّا 5: 15-14 – 1



**امثال 23: 7**

**کیونکہ جَیسے اُس کے دِل کے اندیشے ہیں وہ وَیسا ہی ہے۔ وہ تُجھ سے کہتا ہے کھا اور پی لیکن اُس کا دِل تیری طرف نہیں۔**

بچوکیا آپ جانتے ہیں، طوطا آپکی ہربات کو نقل کرسکتا ہے۔ اگر آپ بولیں میں سیلی ہوں تو یہ آپکے پیچھےدہرائے گا۔ آپ طوطےکو جتنی بار چاہیں بولیں کہ وہ امیرہے، وہ آپکی ہر بات نقل کریگا لیکن اس سے وہ امیر نہیں ہو جاتا، کیا ہو جاتا ہے؟ تو بہت سےمسیحی یہ کیوں سوچتےہیں، محض کسی چیز کا اقرارکرنےسے وہ تبدیلی دیکھیں گے؟

صرف اقرارایک نچلی سطح کا ایمان ہے۔ اگر آپ اپنی زندگیوں میں کوئی تبدیلی دیکھناچاہتےہیں تو ہماری آیت ہمیں بتاتی ہے کہ ہم ویسےہی ہوتےہیں جیسا ہم سوچتےہیں۔ لہذا، اگر آپ بیماریں تو آپکو صحت کا اقرارکرنےسے پہلےخود کو مسلسل صحت مند سمجھنا ہوگا۔ آج اپنےخیالات کو دیکھیں اور اپنےبارے میں صرف مثبت سوچیں اور خدا کے کلام پر دھیان کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں وہی ہوں جو میں سوچتا ہوں اور میں وہی سوچوں گا جو خدا میرے بارے میں سوچتا ہے۔ میں امیر ہوں، میں صحت مند ہوں اور میں خوشحال ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

رُومِیوں 12: 2



یشُوع 1: 8
شرِیعت کی یہ کِتاب تیرے مُنہ سے نہ ہٹے بلکہ تُجھے دِن اور رات اِسی کا دھیان ہو تاکہ جو کُچھ اِس میں لِکھا ہے اُس سب پر تُو اِحتیاط کر کے عمل کر سکے کیونکہ تب ہی تُجھے اِقبال مندی کی راہ نصِیب ہو گی اور تُو خُوب کامیاب ہو گا۔

بچوکیا آپ جانتےہیں، ہاگارکامطلب دھیان کرنا یا اپنےمنتخب کلام کےبارے میں گھرائی سےسوچناہے۔ یعنی اپنےحل کو سوچنےکیلیےوہ کلام استعمال کریں۔ ہماری آج کی آیت میں، یشوع اسرائیل کےرہنما کےطورپرعہدہ سنبھال رہاتھا اوریہ ایک بہت بڑی ذمہ داری تھی۔ یشوع قدرتی طورپرگھبرایاہوا تھاکیونکہ وہ اسرائیلیوں کو وعدہ شدہ ملک میں لیجانےوالاتھا۔ خُدا نےاُسےساری رات دعاکرنےکا نہیں بلکہ دن رات خُدا کےکلام کا مطالعہ کرنےکا کہا تاکہ وہ جنگ میں کامیاب ہو۔

جب آپ کسی مشکل صورتحال کا سامنا کر رہےہوں یاجب آپ اسکول میں کامیاب ہوناچاہتےہوں تو ایک ایساکلام تلاش کریں جو آپکی خواہش کی تائید کرتاہو، اسےسوچنا اورمنہ میں بولنا شروع کریں۔ آپکو معلوم ہونےسےپہلے قدرتی طور پرہر اس چیزمیں کامیاب ہو جائیں گےجو آپ نےسوچا ہے۔

## نبوتی اقرار

جب میں دھیان کرتا ہوں، میرےراستےخوشگوار مقامات کیطرف جا رہے ہیں۔ بیشک کامیابی میرا حصہ ہے۔ آمین۔

مزید مطالعہ
یشُوع 1: 9-8



**یشُوع 1: 8**

**"۔۔۔ دِن اور رات اِسی کا دھیان ہو تاکہ جو کُچھ اِس میں لِکھا ہے اُس سب پر تُو اِحتیاط کر کے عمل کر سکے کیونکہ تب ہی تُجھے اِقبال مندی کی راہ نصِیب ہو گی اور تُو خُوب کامیاب ہو گا۔"**

بچو آپ نےشاید مجھےوہ کہانی سناتےہوئےسنا ہےجب میرے پاس اپنی پسندیدہ کار، مرسڈیزبینز خریدنےکیلیےپیسےنہیں تھے۔ مجھےیاد ہے، میں نےایسےصحیفےتلاش کیےجومیرےمسئلےکےبارے میں بات کرتےتھےاور میں نےکچھ دن اور راتوں تک اس پردھیان کیا۔ میں اس کار میں خودکو تصورکرتا رہا، حتیٰ کہ کارمیں استعمال کرنےکیلیے کارمیٹ اورپیٹرول کا ایک کین بھی خرید لیا۔ پھرمیں گھرمیں بیٹھےہوئےایک خیالی گاڑی چلاتا۔ یہ کرتے ہوئے میں منہ میں صحیفے کو دوہراتا رہتا جب تک کہ ایک دن گاڑی میری تھی اور میں بلند آواز میں چلایا۔

لہذا، دھیان کرنے کے بعد آپ اس مقام پر پہنچ جائیں‌گے جہاں آپکو یقین ہو گا، آپ جس چیزکیلیےدعا کر رہےہیں وہ آپکی ہے، جیسے ہی یہ حقیقت میں واقع ہوگا آپ خوشی سے چلانا شروع کریں‌گے۔

## نبوتی اقرار

**میں خود کو 2023 میں اپنے باپ نبی یوبرٹ اینجل کے نبوتی مسح اور فضل سے خوشحال دیکھتا ہوں۔ ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 2: 13 – 2



**اِفِسیوں 5: 19**

**اور آپس میں مزامِیر اور گِیت اور رُوحانی غزلیں گایا کرو اور دِل سے خُداوند کے لِئے گاتے بجاتے رہا کرو۔**

ہماری آج کی آیت میں، پولوس رسول کلیسیا کو سکھا رہا تھا کہ روح القدس سے کیسے معمور ہوا جائے۔ بچو یہ بہت آسان ہے۔ جب آیت کہتی ہے، آپس میں بات کریں، تو اس کلام پر عمل کریں اورخود سےبات کرنا شروع کریں۔ دن کےاوقات میں آئینےکےسامنے بیٹھ کرخود کو بتائیں کہ خدا کا کلام آپکےبارے میں کیا کہتا ہے۔ خود کو بتائیں کہ میں بڑا ہوں، میں نہ رکنے والا ہوں، میں خدا کا پسندیدہ ہوں، میں سر ہوں، دم نہیں، میں کامیاب ہوں ناکام نہیں۔

یہ آپکےخود کیساتھ گفتگو کےسیشنز ہیں۔ یہ سیشنز آپ میں روح القدس کو ابھاریں گےاور آپ دلیری سےچلنا شروع کر دیں گے۔ آج ہی گفتگو کےسیشنز رکھ کر کم از کم دو منٹ خود سےبات کرنے کیلیےوقت نکالیں اور آپ آ کر گواہی دیں گے!

## نبوتی اقرار

**میں بڑا ہوں، میں جگھوں پر جا رہا ہوں، میں ہوشیار ہوں اور دلیری سے چلتا ہوں۔ میں دنیا کا نور ہوں۔ میں رہنمائی اور ترقی کیلیے پیدا ہوا تھا! ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

اِفِسیوں 5: 20-18



**کُرِنتھِیوں 2: 16 - 1**

**خُداوند کی عقل کو کِس نے جانا کہ اُس کو ”تعلِیم دے سکے؟“**

بچو، جب آپ نے یسوع مسیح کو بطور اپنے خداوند اور منجی قبول کیا، تو کیا آپ جانتے ہیں کہ آپکو اس کی عقل بھی ملی؟ ہماری آیت بتاتی ہے، ہمارے پاس مسیح کی عقل ہے، جلال! مسیح کی عقل رکھنےکا مطلب یہ ہےکہ خدا کے خیالات ہمارے خیالات ہیں۔ جو خدا چاہتا ہے وہی ہم بھی چاہتے ہیں۔ اس لیےہمیں دلیری کیساتھ دعا کرنی چاہیے کیونکہ آپ جس چیز کیلیےدعا کر رہے ہیں، خدا بھی یہی چاہتا ہے !

گڈنیوز ڈیلی پڑھنےاور میری تعلیمات کو سننے سےآپکو اندازہ ہوتا ہے کہ خدا کیا سوچ رہا ہے۔ اس کےکلام میں آپکو معلوم ہو سکتا ہےکہ وہ آپکی صحت، پیسہ، کامیابی اور بہترین زندگی جینےکے بارے میں کیا سوچتا ہے۔ آج ہی سے اپنے دماغ کو خدا کے کلام سےبھرنا شروع کریں اور جان لیں کہ جب آپ چلتے اور بات کرتے ہیں تو آپکی عقل خدا کی ہے۔

## نبوتی اقرار

**میرے خیالات خدا کے خیالات ہیں۔ مجھ میں خدا کی عقل ہے جس نے مجھے پیدا کیا۔ خداوند یسوع کا شکریہ۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

فِلِپّیوں 2: 5



**یُوحنّا 17: 21**
**تاکہ وہ سب ایک ہوں یعنی جِس طرح اَے باپ! تُو مُجھ میں ہے اور مَیں تُجھ میں ہُوں وہ بھی ہم میں ہوں اور دُنیا اِیمان لائے کہ تُو ہی نے مُجھے بھیجا۔**

ہماری آج کی آیت بتا رہی ہےکہ یسوع مسیح آپکےبارے میں کیا سوچتا ہے۔ یہ ایک دعا تھی جو اس نےصلیب پر چڑھنے سے پہلےکی تھی۔ خدا کے ذہن میں، آپ اسکےساتھ ایک ہیں۔ دوسرے لفظوں میں جب آپ کہیں پہنچتے ہیں تو خدا پہنچتا ہے۔ جیسے آپکی ناک آپکے چہرے سے جدا نہیں ہو سکتی اسی طرح آپ خدا سے جدا نہیں ہو سکتے ۔

خدا کیساتھ ایک ہونےکا مطلب ہے کہ آپ وہ تمام کام کر سکتے ہیں جو وہ کر سکتا ہے، اسکا یہ مطلب بھی ہے کہ وہ ہر وقت جانتا ہے کہ آپ کیسا محسوس کرتے ہیں۔ جب آپ بیدار ہوں تو ہمیشہ یاد رکھیں کہ آپ خدا کیساتھ ایک ہیں۔ کیا آپکے لیے کچھ بھی ناممکن نہیں ہے؟ اس سچائی کا خود سے اقرار کرتے رہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں خدا کیساتھ ایک ہوں۔ میرے اندر خدا کا جلال ہے۔ خالق کائنات میرے اندر ہے۔ جلال! آمین۔**

**مزید مطالعہ**
یُوحنّا 17: 21-33



**پَیدائش 28: 12**

**اور خواب میں کیا دیکھتا ہے کہ ایک سِیڑھی زمِین پر کھڑی ہے اور اُس کا سِرا آسمان تک پُہنچا ہُؤا ہے اور خُدا کے فرِشتے اُس پر سے چڑھتے اُترتے ہیں۔**

آج بہت سےلوگ سوچتےہیں کہ مسیحیت صرف دعا، عبادت اور اقرار کرنےکےبارےمیں ہے۔ اکثر اوقات لوگ دعا میں ساری باتیں کرتےہیں اور سنتےذیادہ نہیں ہیں۔
گفتگوکامطلب ہےایک بات کرتا ہےاورایک سنتا ہے۔ یہی وقت آپکوخاموشی میں گزارناچاہئے۔

میں خاموشی کےلمحات گزارتا ہوں اوراس دوران میں کسی کی بھی مداخلت نہیں چاہتا ۔ میں بات نہیں کرتا، میں صرف اپنے کمرےمیں خاموشی سےبیٹھتا ہوں اور یسوع کےبارےمیں سوچتا ہوں۔ میں کبھی کبھی ایک طرح کی نیند میں چلاجاتا ہوں جہاں مجھےفرشتوں اورخدا سےبات کرنےکا تجربہ ہوتا ہے۔ آج کاکلام پڑھ کرہمیں معلوم ہوتا ہے کہ یعقوب کیساتھ ایسا ہی ہوا تھا جب اس نےخاموشی میں تنہا وقت گزارا تھا۔ بچو، باقاعدگی سےچند منٹ خاموش رہنےکیلیےوقت نکالیں اور مافوق الفطرت کو آپ کیلیےفطری ہوتا دیکھنےکا تجربہ کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں اس سال زمین پر جنت کا تجربہ کروں گا۔ میں فرشتوں سے آمنے سامنے بات کروں گا اور آسمانی آوازیں سنوں گا یسوع کے نام میں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

لُوقا 5: 16



**متّی 15: 26**

**اُس نے جواب میں کہا لڑکوں کی روٹی لے کر کُتّوں کو ڈال دینا اچّھا نہیں۔**

بچو، کیا اپنےگھرمیں آپ اپنے والدین سےپوچھتےہیں کہ کیا آپ اپنےبستر پرسو سکتے ہیں یا کھانا نکالنےکیلیےفریج کھول سکتے ہیں؟ نہیں آپ ایسا نہیں کرتےکیونکہ آپ اپنے والدین کےبچے ہیں۔ وہ بستر آپکےلیے لایا گیا تھا اور اس فریج میں کھانا آپکےلیے ہے۔ لیکن اگر آپکےگھر میں کوئی اجنبی یا ملاقاتی آجائےتو انہیں گھر میں کچھ بھی کرنے کیلیے اجازت لازمی لینی پڑیگی۔

ہمارے خُداوند یسوع مسیح ایک عورت سےکہہ رہے تھےجو اُن کی فرزند نہیں تھی کہ شفا ان کےفرزندوں کی روٹی ہے نہ کہ اجنبیوں کی۔ کیا آپ جانتےہیں کہ خوشحالی، شفا یابی اورلمبی عمر وہ چیزیں ہیں جن کیلیےآپکو خدا سےمانگنےکی ضرورت نہیں ہے کیونکہ وہ پہلےسے ہی آپکی ہیں! صرف اجنبی دعا کرتے ہیں اور خدا سے چیزوں کی اجازت مانگتے ہیں، فرزند نہیں۔ تو آج ہی خدا کے فرزند کے طور پر کام کرنا شروع کریں !

## نبوتی اقرار

**میں نبی یوبرٹ اینجل کا بیٹا ہوں اور ان کے فضل میں شریک ہوں۔ اُن کی گواہی میری گواہی ہو گی۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

متّی 15: 26-21، رُومِیوں 8: 17



**کُرِنتھِیوں 4: 15 - 1**

**کیونکہ اگر مسِیح میں تُمھارے اُستاد دَس ہزار بھی ہوتے تَو بھی تُمھارے باپ بُہت سے نہیں۔ اِس لِئے کہ مَیں ہی اِنجِیل کے وسِیلہ سے مسِیح یِسُوعؔ میں تُمھارا باپ بنا۔**

درج بالا آیت ہمیں یہ بتاتی ہے کہ ہمارے پاس سکھانے والے لوگ بہت سے ہو سکتے ہیں لیکن انجیل کے وسیلے سے ہمارا باپ صرف ایک ہے! خُدا نے آپکو پیروی کرنے کیلیے ایک باپ دیا ہے جیساکہ وہ مسیح کی پیروی کرتا ہے۔

خدا نے ہماری کاملیت کیلیے چرواہوں، اساتذہ، مبشروں، انبیاء اور رسولوں کو بھیجا۔ یعنی وہ ہمارے پاس ہیں تاکہ ہم مکمل طور پر وہ بن سکیں جسکے لیے خدا نے ہمیں بلایا ہے۔

اسی لیے ہمیں اپنے سے بڑوں کا احترام کرنا چاہیے، وہ ہمارے لیے خدا کی طرف سے بھیجا گیا تحفہ ہیں تاکہ ہماری زندگی کیلیے خدا کا منصوبہ پورا ہو سکے اور ہم صحیح راستے پر قائم رہیں۔

## نبوتی اقرار

**میں اپنے روحانی باپ کی عزت کرتا ہوں کیونکہ خُدا نے اُسے میرے لیے بھیجا ہے! میں اس کی پیروی کرتا ہوں جیسا کہ وہ مسیح کی پیروی کرتا ہے۔ آمین !**

**مزید مطالعہ**

اِفِسیوں 4: 11-13



**رُومِیوں 8: 19**

**کیونکہ مخلُوقات کمال آرزُو سے خُدا کے بیٹوں کے ظاہِر ہونے کی راہ دیکھتی ہے۔**

بچو کیا آپ جانتےہیں، اگرآپ اپنی زندگی میں یا اپنےآس پاس کوئی مسئلہ دیکھتےہیں تو آپکو معلوم ہونا چاہیےکہ خداکےذہن میں آپ ہی اس مسئلےکا حل ہیں۔ میں ہمیشہ کہتا ہوں، مسائل ہمیشہ آگےبڑھتے ہیں اوراپنےحل کیطرف کھنچتے ہیں۔ وہ مسائل آپکےمنتظرہیں کہ آپ خدا کےبیٹے کیطرح کام کریں اورانہیں حل کریں۔ دنیا کہیں سےجوانوں یا کسی اہم شخص کےآنے کا انتظار نہیں کر رہی ہے کیونکہ بائبل کہتی ہےکہ آپ وہی ہیں جسکا دنیا انتظارکر رہی ہے۔

اس سال کوئی وقت ضائع نہ کریں۔ خدا کیساتھ اپنےتعلق میں آگے بڑھیں تاکہ آپ اس دنیا میں ایک معجزہ بن سکیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپکی عمرکتنی ہےکیونکہ بائبل نےمسائل کو حل کرنےکیلیےکوئی عمر نہیں بتائی۔ آج دوسروں کیلیےدعا کرنا، بیماروں پر ہاتھ رکھنا اور دنیا بھرکی قوموں کو بدلنا شروع کریں، آپ میں ایسا کرنے کی طاقت ہے !

## نبوتی اقرار

**میں ذمہ داری اٹھاؤں گا اور خدا کی قدرت کو ظاہر کروں گا! قومیں میرا نام جانیں گی، سب خدا کے جلال کے لیے۔ ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

رُومِیوں 8: 19-22



**مرقس 3: 17**

**اور زبدؔی کا بیٹا یعقُوبؔ اور یعقُوبؔ کا بھائی یُوحنّا جِن کا نام بُوانِرؔگِس یعنی گرج کے بیٹے رکھّا۔**

بچو، آج کی آیت پڑھ کر شاید آپ خود سےپوچھ رہےہوں گےکہ گرج کا بیٹا کیا ہے؟ اس قسم کےبیٹے اس بات کی پرواہ نہیں کرتےکہ دوسرےانکےبارے میں کیا سوچتےہیں۔ وہ دلیرہوتےہیں، اورجانتےہیں کہ انکےاندرمسیح ہے۔ وہ یسوع مسیح کیلیے علاقےحاصل کرنےکیلیےلیس ہوتےہیں۔ یعقوب اور یوحنا جہاں کہیں بھی ہوتے یسوع مسیح کےبارےمیں بات کرتےاورخدا کی زبردست طاقت کا مظاہرہ کرتےتھے۔ کچھ مسیحی گھرمیں رہتے اور روحوں کیلیےدعا کرتےہیں جو ٹھیک ہےلیکن دوسرے دنیا میں جا کرخدا کی خالص طاقت کا مظاہرہ کرتےہیں اورخدا کی بادشاہی کیلیے روحوں کو فتح کرتےہیں۔ وہ روح القدس کی آگ سے مسلسل جلتے رہتےہیں۔

بچو آپ پہلے ہی گرج کےبیٹےہیں، اور گرج آپکے اندر ہے۔ جب آپ دن بھرمسلسل بیگانہ زبانوں میں بات کرتے ہیں تو آپ اپنے اندر گرج کو چمکاتے ہیں۔ آج سے یسوع مسیح کیلیے قوموں کو جیتنا شروع کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں ثبوت پیدا کرنیوالا مسیحی ہوں۔ دنیا مجھ میں مافوق الفطرت روشنی دیکھے گی۔ میں اس سال گرج کیساتھ اس خوشخبری کا اعلان کرتا ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 2: 4 – 1



**عِبرانیوں 1: 3**
**وہ اُس کے جلال کا پرتَو اور اُس کی ذات کا نقش ہو کر سب چِیزوں کو اپنی قُدرت کے کلام سے سنبھالتا ہے۔ وہ گُناہوں کو دھو کر عالَمِ بالا پر کِبریا کی دہنی طرف جا بَیٹھا۔**

بچو، کیا آپ جانتےہیں، جب ہم ’جیسس‘ نام کاحوالہ دیتےہیں، تو یہ ایک عام نام ہے، خصوصاً جنوبی امریکہ اور ہسپانوی بولنےوالے ممالک میں؟ تاہم، آج ہم ایک ایسے شخص کی بات کر رہےہیں جو مکمل خدا اورمکمل انسان تھا۔ اس کا نام یسوع مسیح ہے !

ہمارا خُداوند یسوع مسیح خُدا کابیٹا ہےجو دنیا کےگناہ کیلیےمرا۔ پھر وہ تین دن بعد دوبارہ مردوں میں سے جی اُٹھا تاکہ یہ ثابت کر سکےکہ موت کا اس پر کوئی اختیار نہیں ہے۔ یسوع مسیح بنی نوع انسان کا نجات دہندہ ہے، صرف وہی ہے جو خدا اور آپکےدرمیان کےفاصلےمیں کھڑا ہونےکے قابل ہے۔ زبردست خبر یہ ہےکہ یسوع مسیح آج زندہ ہے !

## نبوتی اقرار

**یسوع مسیح خدا کا بیٹا ہے جو میرے لیے درمیان میں کھڑا ہے۔ اب سے میں خُدا کیساتھ ذیادہ چلوں گا اور میں اپنے خُداوند یسوع مسیح کیساتھ ایک رشتہ قائم کروں گا! آمین۔**

**مزید مطالعہ**
یُوحنّا 3: 16



**یُوحنّا 17: 3**

**اور ہمیشہ کی زِندگی یہ ہے کہ وہ تُجھ خُدایِ واحِد اور برحق کو اور یِسُوعؔ مسِیح کو جِسے تُو نے بھیجا ہے جانیں۔**

بچو، کیا آپ جانتےہیں، پینےکا پانی، بھاپ اور برف سب پانی ہیں لیکن مختلف شکلوں میں موجودہیں۔ ہماری آج کی آیت خدا باپ، خدا بیٹا (یسوع) اور خدا روح القدس کی بات کرتی ہےاور یہ کہ یہ سب خداہیں لیکن تین دفاتر میں نمائندگی کرتےہیں۔ میں آپکو ایک اور مثال دیتاہوں، میں نبی یوبرٹ اینجل ہوں لیکن میں نبیہ بی بی اینجل کا شوہر بھی ہوں، پھر میں سیئر (یوبرٹ اینجل جونیئر)، لیوی، جوڈ اور سیٹھ کا باپ بھی ہوں۔

اب ہماراخداوند یسوع مسیح ایک انسان کےطورپرخدا تھا جب وہ یہاں 2000 سال پہلےذمین پرتھا اور وہ خداکا بیٹا بھی ہے جو باپ کےدائیں ہاتھ پر بیٹھا ہے۔ اسی کےذریعےسےآپ اور میں عالمِ بالا سےپیدا ہوئےہیں اور ہمارے اندر روح القدس بھی ہے، یہ کتنا کمال اور شاندار ہے؟

## نبوتی اقرار

**یسوع مسیح راستہ، سچائی اور زندگی ہے۔ کوئی آدمی باپ کے پاس نہیں آتا مگر اسکے ذریعے۔ ہم کتنے شاندار خُدا کی خدمت کرتے ہیں۔ ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

یُوحنّا 14: 6، 1 – یُوحنّا 5: 7



**یُوحنّا 3: 3**
**یِسُوعؔ نے جواب میں اُس سے کہا مَیں تُجھ سے سچ کہتا ہُوں کہ جب تک کوئی نئے سِرے سے پَیدا نہ ہو وہ خُدا کی بادشاہی کو دیکھ نہیں سکتا۔**

بچو، کیا یہ حیرت انگیز بات نہیں، آپکےپاس عمر بڑھنےکیساتھ پڑھنےاور ہر طرح کا کام کرنےکی صلاحیت ہوتی ہے؟ تاہم زیادہ عرصہ نہیں گزرا کہ جب آپ چھوٹےبچےتھےجو اپنےلیےکچھ نہیں کر سکتا تھا۔

آج کاکلام ہمیں بتاتا ہے، ہمارے خُداوند یسوع مسیح نےکہا کہ آپکو نئےسرےسے پیدا ہونا چاہیے اورعالم بالا سےپیدا ہونا، یونانی میں خدا کی بادشاہی میں ہونا ہے۔ یہ کتنی کمال بات ہے۔ یعنی آپکو خدا کےخاندان کا حصہ بننےکیلیےمسیح کی زندگی حاصل کرنی ہوگی۔ جوخدا نےآپکو بنایا ہےوہ صرف مسیح میں پایاجا سکتا ہے۔ پس بچو، یقینی بنائیں کہ آپ آج کسی کو ہمارےخداوند یسوع مسیح کےبارےمیں بتائیں، تاکہ وہ بھی خدا کےخاندان کا حصہ بن سکیں اور خداکابیٹا بن سکیں۔ ہیلیلویاہ۔

## نبوتی اقرار

**میں خدا کا بیٹا ہوں اور میں اوپر سےپیدا ہوا ہوں۔ میں یسوع مسیح کیساتھ اپنےتعلقات میں مزید گہرائی میں جانے کیلیے تیار ہوں اور میں دوسروں کو بتاؤں گا، میراخدا کتنا حیرت انگیز ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**
یُوحنّا 3: 5



**کُرِنتھِیوں 5: 17 – 2**

**اِس لِئے اگر کوئی مسِیح میں ہے تو وہ نیا مخلُوق ہے۔ پُرانی چیزیں جاتی رہِیں۔ دیکھو وہ نئی ہو گئِیں۔**

بچو، کیا آپ جانتے ہیں، آپ خدا کےبیٹےہیں لیکن اسکا اصل مطلب کیا ہے اور اسکی وجہ سےآپکی زندگی کیسے بدلی؟ آج کے کلام میں، ہمیں بتایا گیا ہے کہ اگر کوئی آدمی مسیح میں ہے، تو وہ ایک نیا مخلوق ہے۔ یونانی زبان میں لفظ کائینوس کا یہی مطلب ہے۔ خدا کے بیٹے کے طور پر، آپ بالکل نئی نسل ہیں جو پہلے کبھی موجود نہیں تھی، زبردست، جلال !

آپ باہر سے ایک جیسے نظر آ سکتے ہیں لیکن آپ بالکل نئے ہیں۔ آپ کا ماضی نہیں ہے، آپ روح میں ایک نوزائیدہ بچے ہیں۔ جیسا کہ ایک نوزائیدہ بچہ اپنی ماں کا دودھ پیتا ہے، آپ کو روزانہ بائبل کو پڑھنا اور اس کا مطالعہ کرنا ہے تاکہ آپ بھی بڑے ہو سکیں، ہیلیلویاہ !

## نبوتی اقرار

**میں مسیح میں ایک بالکل نئی نسل ہوں، جو پہلے کبھی موجود نہیں تھی اور میں خدا کا بیٹا ہوں۔ ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 5: 17 – 2



**رُومِیوں 12: 2**

**اور اِس جہان کے ہم شکل نہ بنو بلکہ عقل نئی ہو جانے سے اپنی صُورت بدلتے جاؤ تاکہ خُدا کی نیک اور پسندِیدہ اور کامِل مرضی تجربہ سے معلُوم کرتے رہو۔**

بچو، کیا آپ جانتےہیں، ٹیکنالوجی اورکمپیوٹر پہلے موجود نہیں تھے لیکن آج کی جدید دنیا میں انٹرنیٹ اورآن لائن دائرہ ایک ایسی چیز ہے جسکے بارے میں ہم سب خصوصاً آج کی نسل کےلوگ جانتےہیں۔ بہت سےلوگ اسکول، کام اورکاروبار میں ٹیکنالوجی کا استعمال کرتےہیں، لیکن آپ جوبھی ڈیٹا یامعلومات کمپیوٹر یا ٹیبلیٹ میں ڈالتےہیں وہی معلومات آپکو واپس ملیں گی۔

اب دماغ بھی ایسا ہے۔ اسلیے بائبل کو پڑھنا اوراپنےچرچ کےپیغامات کو سننا بہت ضروری ہے تاکہ آپ اسی طرح سوچنا شروع کرسکیں جسطرح خدا سوچتا ہے۔ ذہن اہمیت رکھتا ہےاور اسےصرف اس چیزسےبدلاجاسکتا ہےجو آپ اسےکھلاتے ہیں۔ یہ تمام ٹیکنالوجی ہمارےآس پاس ہونا بہت اچھی بات ہے لیکن اس بات کویقینی بنائیں، آپ ہمیشہ خداکےکلام کوپڑھنے کیلیےوقت نکالیں اور آج ہی سےاپنی روح کو کلام کا اچھا کھانا دیں۔

## نبوتی اقرار

**میرا ذہن خدا کےکلام سے بدل رہا ہے۔ مجھے یسوع کےقادر نام میں بھلائی کیلیے بدلا جا رہا ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

رُومِیوں 12: 2-1



**یُوحنّا 14: 16**

**اور مَیں باپ سے درخواست کرُوں گا تو وہ تُمہیں دُوسرا مددگار بخشے گا کہ ابد تک تُمہارے ساتھ رہے۔**

آج کی دنیا میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جن کا کسی وجہ سے نہ باپ ہوتا ہے نہ ماں۔ ایسے لوگوں کو یتیم کہا جاتا ہے۔ ہمارے آج کے کلام میں، یسوع مسیح نے کہا کہ وہ باپ سے اسکے بیٹوں کو ایک دوسرا مددگار دینے کی درخواست کریگا، اور وہ اپنے بچوں کو یتیم نہیں چھوڑے گا۔ یہ مددگار روح القدس ہے، یہ کتنا حیرت انگیز ہے۔

روح القدس خدا کا روح ہے جو آپ میں اس وقت رہتا ہے جب آپ خدا کے بیٹے ہوتے ہیں۔ وہ آپکو سچائی کیطرف لیجاتا ہے، وہ آپکی رہنمائی کرتا ہے، آپکو سکھاتا ہے اور بہت کچھ کرتا ہے۔ وہ آپکو خدا باپ کیطرف سے تحفہ کے طور پر دیا گیا ہے۔ آج اسے تسلیم کریں کیونکہ وہ آپ کے اندر ہے۔ ہیلیلویاہ !

## نبوتی اقرار

**روح القدس کے تحفے کیلیے باپ کا شکریہ۔ میں پھر کبھی تنہا نہیں ہوں گا کیونکہ میرے پاس میرا تسلی دینے والا ہے، خدا کو جلال! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

یُوحنّا 14: 18-15



**پطرؔس 2: 9 - 1**

**لیکن تُم ایک برگُزِیدہ نسل۔ شاہی کاہِنوں کا فِرقہ۔ مُقدّس قَوم اور اَیسی اُمّت ہو جو خُدا کی خاص مِلکِیّت ہے تاکہ اُس کی خُوبِیاں ظاہِر کرو جِس نے تُمہیں تارِیکی سے اپنی عجِیب رَوشنی میں بُلایا ہے۔**

بچو اگر میں آپ سےدرج ذیل چیزیں پوچھوں؟ سرخ یا نیلا؟ گرم یا ٹھنڈا؟ موسم سرما یا گرما؟ یقیناً آپ میں سےکچھ سرخ رنگ چنیں گے، جب کہ دوسرے نیلا رنگ چنیں گے۔ کیا آپ جانتےہیں، خدا نےآپکو چنا، ہاں آپ! اس نےآپکو اپنا کاہن، مقدس (اپنے لیےالگ کرلیا) بنایا۔ اس نےآپکو اپنے بیٹے یسوع مسیح کے خون سے خریدا۔ آپ نور اور خدا کےبیٹے ہیں۔

جب آپ آئینےمیں دیکھیں تو خود کو بتائیں: ”میں خدا کا کاہن۔ ایک مقدس قوم، خدا کیلیےالگ کیا گیا ہوں۔ میں خداکی خاص ملکیت ہوں۔ مجھےدنیا کو خدا کےحیرت انگیز کاموں کے بارے میں بتانےکیلیےچنا گیا ہے۔ میں نور کابیٹا ہوں !“

آج خوشی منائیں کیونکہ آپکو خدا نے چنا ہے! ہیلیلویاہ۔

## نبوتی اقرار

**میں خاص خدا کیلیے چنا گیا ہوں۔ مجھے خدا نے محبت کی، قبول کیا اور چنا ہے۔ خداوند یسوع مسیح مجھ سے محبت کرنےکیلیے آپکا شکریہ۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

اِفِسیوں 1: 4



**رُومِیوں 8: 35**

**کَون ہم کو مسِیح کی مُحبّت سے جُدا کرے گا؟ مُصِیبت یا تنگی یا ظُلم یا کال یا ننگا پَن یا خطره یا تلوار؟**

بچو، ذہن میں یہ تصویر بنائیں - سفید چینی اور نمک ایک پیالے میں ایک ساتھ ملائے ہوئے ہیں۔ اب سوچیں آپکو یہ چیلنج دیا گیا ہے: چینی سے نمک الگ کر کے دو پیالوں میں کریں۔ یہ چیلنج کچھ بہت ہی خاص مشینری کی مدد کے بغیر قریباً ناممکن ہوگا۔

اب آج کا کلام ہمیں بتاتا ہے، آپ اور میرے لیے یسوع مسیح کی جو محبت ہے، زندگی میں کسی چیز سےالگ نہیں کی جا سکتی۔ کوئی مصیبت، تنگی یا ظلم آپکو مسیح کی محبت سے الگ نہیں کر سکتی۔ ایک لمحے کے لیے اس کے بارے میں سوچیں اور آج اسے اپنے دل میں اترنے دیں! ہم کتنے شاندار خُدا کی خدمت کرتے ہیں۔ آمین۔

## نبوتی اقرار

**کوئی بھی چیز مجھے کبھی بھی اس محبت سے الگ نہیں کر سکتی جو میرے خُداوند یسوع مسیح کی میرے لیے ہے! زمین پر جنت کے اس سال میں، میں سب کو بتاؤں گا کہ میرا خداوند یسوع کتنا حیرت انگیز ہے! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

رُومِیوں 8: 37-35



رُومِیوں 8: 38-39

**کیونکہ مُجھ کو یقِین ہے کہ خُدا کی جو مُحبّت ہمارے خُداوند مسِیح یِسُوعؔ میں ہے اُس سے ہم کو نہ مَوت جُدا کر سکے گی نہ زِندگی۔ نہ فرِشتے نہ حُکُومتیں۔ نہ حال کی نہ اِستِقبال کی چِیزیں۔ نہ قُدرت نہ بُلندی نہ پستی نہ کوئی اَور مخلُوق۔**

بچو، اگرمیں آپ سےپوچھوں؛ آپ کا نام کیاہے؟ آپ کتنےسال کےہیں؟ کیا آپکو یقین ہے؟ کچھ سوالات اورحقائق ایسےہیں جن کےجواب کےبارے میں آپ اتنے پریقین ہوتےہیں کہ کوئی بھی آپکو کسی طرح سےقائل نہیں کر سکتا۔

آج کےکلام کی آیت میں، رومیوں کی کتاب لکھنےوالے پولوس رسول نےکہا کہ اسے یقین ہےکہ کوئی بھی چیزہمیں اس محبت سےالگ نہیں کرسکتی جوخُدا ہمارے لیےرکھتا ہے۔ پولوس رسول حد سےزیادہ قائل تھا۔ آپکاکیاخیال ہے؟ اس کلام کو بار بارکہہ کراپنا بنانا شروع کریں جب تک کہ آپ خود اس پریقین نہ کرلیں! خداکوجلال۔

## نبوتی اقرار

**میں جانتا ہوں کہ میں جانتا ہوں کہ مجھے خداکی محبت سےکوئی بھی چیز الگ نہیں کرسکتی، چاہےمیں زندگی میں جیسے بھی حالات سےگزروں، میں ہمیشہ خدا کا بیٹا رہوں گا۔ آپکی محبت، رحم اور فضل کیلیے خداوند یسوع آپکا شکریہ۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

اِفِسیوں 3: 19



**رُومِیوں 5: 17**

**کیونکہ جب ایک شخص کے گُناہ کے سبب سے مَوت نے اُس ایک کے ذرِیعہ سے بادشاہی کی تو جو لوگ فضل اور راست بازی کی بخشِش اِفراط سے حاصِل کرتے ہیں وہ ایک شخص یعنی یِسُوعؔ مسِیح کے وسِیلہ سے ہمیشہ کی زِندگی میں ضرُور ہی بادشاہی کریں گے۔**

بچو، یسوع مسیح کی خوشخبری ایک ایسی چیز ہےجسکی بات کرتےہوئےہم کبھی نہیں تھکیں گےکیونکہ یہ تقریباً ناقابل یقین ہے! ہم گڈنیوزچرچ ہیں اورہم خوشخبری کی منادی کرتےہیں۔ جب گناہ کی فطرت اورخُدا سےعلیحدگی ایک آدمی، آدم کے ذریعےانسانیت میں داخل ہوئی، تو یہ خُدا کی فطرت اوراُسکی بحالی تھی جو ایک آدمی، ہمارےخُداوند یسوع مسیح کے ذریعے آئی۔

یہ کافی ناقابل یقین ہےاور پھربھی آپکو مسیح میں اس نئی زندگی میں حصہ لینےکیلیےاس ناقابل یقین سچائی کو قبول، یقین اوراقرارکرنا ہوگا! نجات ایک تحفہ ہے۔ یقینی بنائیں، آپ اسےآج ہی وصول کریں اورسب کو بتائیں تاکہ وہ بھی مسیح میں اس نئی زندگی میں حصہ لےسکیں۔

## نبوتی اقرار

**میں یقین کرتاہوں اوراپنےاندر یسوع مسیح کی زندگی وصول کرتاہوں۔ میں ایک نیامخلوق ! ہوں، پرانی چیزیں ختم ہوگئی ہیں اور ہاں، سب چیزیں نئی ہوگئی ہیں! ہیلیلویاہ**

**مزید مطالعہ**

اِفِسیوں 2: 8



**فِلِپّیوں 4: 13**

**جو مُجھے طاقت بخشتا ہے اُس میں مَیں سب کُچھ کر سکتا ہُوں۔**

بچو، کیا آپ کبھی اسکول میں ایسی صورت حال سے دوچار ہوئے ہیں جہاں آپ کو اپنے آپ سے کہنا پڑا، "میں یہ کر سکتا ہوں!" ہوسکتا ہے کہ یہ ایک ریس تھی جس میں آپ مقابلہ کر رہے تھے یا کوئی کلاس کوئز تھا کہ آپ کی ٹیم جیتنے کے بہت قریب تھی؟

آپ نے یہ الفاظ اپنی ہمت بڑھانے اور حوصلہ افزائی کے لیے کہے۔ خیر، آج کا کلام طاقت سے بھرا ہوا ہے کیونکہ یہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ مسیح میں، آپ سب کچھ کر سکتے ہیں! آپ سمجھیں، یہ سب کچھ آپ کی اپنی طاقت سے چیزوں کو حاصل کرنے کی بجائے آپ میں کام کرنے کی خدا کی صلاحیت کے بارے میں ہے۔۔ تو اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے کیا ہے جو آپ نہیں کر سکتے؟

## نبوتی اقرار

**میں اپنے خُداوند یسوع مسیح میں سب کچھ کر سکتا ہوں جو مجھے طاقت دیتا ہے، ہیلیلویاہ !**

**مزید مطالعہ**

فِلِپّیوں 4: 13-12



**فِلپّیوں 4: 13**

**جو مُجھے طاقت بخشتا ہے اُس میں مَیں سب کُچھ کر سکتا ہُوں۔**

بچو اگر کوئی آپ سے پوچھے، ”کیا خدا کچھ کر سکتا ہے؟“، تو آپ کیا کہیں گے؟ آپ شاید کہیں گے، ”ہاں بالکل۔ خدا کچھ بھی کر سکتا ہے“ پھر بھی کیا آپ کو یقین ہے کہ خدا آپ میں کام کر سکتا ہے؟

فلپیوں 4: 13 ان تین الفاظ سے شروع ہوتا ہے، ”میں کر سکتا ہوں...“ خُدا کچھ بھی کر سکتا ہے لیکن اُس نے آپ کے ذریعے اپنا کام کرنے کا انتخاب کیا! مسیح کے جسم کے ایک حصے کے طور پر، یاد رکھیں کہ آج آپ جہاں بھی جائیں، آپ خُدا کا وسیلہ ہیں اس لیے دوبارہ کبھی اپنے آپ کو حقیر نہ سمجھیں اور دنیا میں روشنی بنیں۔ باہر جائیں اور ہمارے خداوند یسوع مسیح کی اس خوشخبری کو کسی کے ساتھ شیئر کریں۔ آمین۔

## نبوتی اقرار

**مجھ میں کام کرنے سے خدا کو بہت خوشی ملتی ہے۔ میں نے خود کو نہیں چنا۔ میں خدا کی طرف سے چنا گیا ہوں! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

فِلپّیوں 2: 13



**کُرِنتھِیوں 15: 57 – 1**

**مگر خُدا کا شُکر ہے جو ہمارے خُداوند یِسُوعؔ مسِیح کے وسِیلہ سے ہم کو فتح بخشتا ہے۔**

بچو چند سال پہلے، میں لندن میں خدمت کر رہا تھا اور مجھے ایک گانا یاد ہے جو میں نے منادی کے دوران گانا شروع کر دیا۔ الفاظ سادہ تھے: "یہ میں جیتوں گا!"

بچو ہمیشہ یاد رکھیں، اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ اس وقت کن چیلنجوں یا مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ آپکی دوستوں یا گھر کے افراد کے ساتھ نہیں بن رہی۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کو اسکول کا کام مشکل لگ رہا ہو۔ جو بھی ہے، خُدا ہمیشہ آپ کو اپنا بیٹا ہونے کے ناطے فتح بخشتا ہے! اس لیے خوش ہوں اور خوش رہیں کیونکہ یہ آپ ضرور جیتیں گے !

## نبوتی اقرار

**یہ میں جیتوں گا! خدا نے مجھے ہر حال میں فتح دی ہے! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

کُرِنتھِیوں 15: 57-58 – 1



**یسعیاہ 40: 31**

**لیکن خُداوند کا اِنتظار کرنے والے ازسرِ نَو زور حاصِل کریں گے۔ وہ عُقابوں کی مانِند بال و پر سے اُڑیں گے وہ دَوڑیں گے اور نہ تھکیں گے۔ وہ چلیں گے اور ماندہ نہ ہوں گے۔**

بچو کیا آپ جانتےہیں کہ عقاب جانوروں کےدائرے میں سب سےزیادہ متاثر کن پرندوں میں سےایک ہے۔ اکیلے یا دوسرے عقابوں کیساتھ ایک جیسی نظر کیساتھ اڑنے کیلیےتخلیق کیا گیا، یہ پرندہ آسمان کی بلندیوں تک اڑ سکتا ہے جسکی کسی اور اڑنےوالی مخلوق کیساتھ مماثلت نہیں۔

کیا آپ یہ بھی جانتے ہیں، عقاب کی بینائی کسی سے پیچھے نہیں۔ یہ اشیاء اور دوسرے جانوروں کی میلوں کی دوری سےبھی درست نشاندی کرسکتا ہے۔ خدا کےبیٹے کےطور پر، پہاڑ کی چوٹی کےمنظرکوفروغ دیں۔ دوسرے لفظوں میں، آپکے آگے پہاڑ ہونے کے باوجود، اسے عقاب کی نظروں سے دیکھیں، جیسے کہ آپ پہلے ہی اس پرغالب آ چکےہیں۔ سمجھیں کہ خدا کس طرح حالات کو دیکھتا ہےاور عقاب کی طرح اڑیں !

## نبوتی اقرار

**میرے پاس بلندی کا نقطہ نظر ہے۔ کوئی بھی صورتحال مجھ پر قابو نہیں پا سکتی، میں ہر حالت پر غالب آتا ہوں !**

**مزید مطالعہ**

متّی 17: 20



**رُومِیوں 8: 37**

**مگر اُن سب حالتوں میں اُس کے وسِیلہ سے جِس نے ہم سے مُحبّت کی ہم کو فتح سے بھی بڑھ کر غَلبہ حاصِل ہوتا ہے۔**

بچو مجھےیاد ہے، ٹیلی ویژن پر ایک فٹبال میچ آرہا تھا لیکن میچ مکمل ہونے سے پہلے ہی ختم ہو گیا تھا۔ ریڈ ٹیم نے پہلے 5 منٹ میں برتری حاصل کر لی اور بلیو ٹیم اسکے بعد برتری حاصل نہ کرسکی ۔ "ریڈز نے یہ کر لیا! وہ آج صرف جیتے نہیں ہیں۔ انہوں نے خود کو فاتحین سے زیادہ ظاہر کیا ہے"، رپورٹر چِلّاتا ہے۔

ریڈز نے اس انداز میں جیتنےکیلیےسخت جدوجہد کی۔ وہ صرف چند ماہ قبل اسکور بورڈ میں سب سےنیچےتھے۔ وہ چیلنجوں پر قابو پانے کی بہترین مثال ہیں۔

خدا کے بیٹے کےطور پر، آپ ایک فاتح سے زیادہ ہیں۔ آپ نہ صرف جیتتےہیں بلکہ انداز میں جیتتے ہیں۔ آپکے اندر رہنے والے خدا کیوجہ سے کوئی مسئلہ آپکو ہرا نہیں سکتا! ! ہیلیلویاہ

## نبوتی اقرار

**میں ایک فاتح سے زیادہ ہوں! میں جیتنے سے آگے بڑھتا ہوں اور میں نے یسوع کے غالب نام میں ہر چیلنج پر قابو پا لیا ہے۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

یُوحنّا 5: 4 – 1



**یُوحنّا 5: 4 – 1**

**جو کوئی خُدا سے پَیدا ہُؤا ہے وہ دُنیا پر غالِب آتا ہے اور وہ غلبہ جِس سے دُنیا مغلُوب ہُوئی ہے ہمارا اِیمان ہے۔**

بچو، جب ہم بائبل میں یوسف کی کہانی کو دیکھتےہیں تو ہمیں پتہ چلتا ہےکہ وہ ایک ایسا شخص تھا جس نے اپنی زندگی میں بہت سی مشکلات کا سامنا کیا۔ اسکےبھائیوں کو اس سےنفرت تھی جنھوں نےاسے گڑھے میں پھینک دیا۔ پھر اسے غلامی میں بیچ دیا گیا۔ اسکے مالک کی بیوی نے اسکے بارے میں جھوٹ بولا اور اسےجیل بھیج دیا گیا۔

کبھی کبھی آزمائش میں یہ سوچ سکتےہیں، ”خدا کہاں ہے؟“ لیکن دیکھیں یوسف نے پیدائش 50: 20 میں کیا کہا: ” تُم نے تو مُجھ سے بدی کرنے کا اِرادہ کِیا تھا لیکن خُدا نے اُسی سے نیکی کا قصد کِیا تاکہ بُہت سےلوگوں کی جان بچائے چُنانچہ آج کے دِن اَیسا ہی ہو رہا ہے۔“ بچو آپ، غالب اور فاتح ہیں! ہیلیلویاہ، آج ہی اسکا فرمان واعلان شروع کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں اپنے ایمان سے غالب آیا۔ ایسی کوئی چیز نہیں ہےجسکی وجہ سے مجھے ٹھوکر لگے۔ ہر چیلنج میری سیڑھی ہے۔ جلال !**

**مزید مطالعہ**

عِبرانیوں 11: 6



**حبقُّوق 2: 2**

**تب خُداوند نے مُجھے جواب دِیا اور فرمایا کہ رویا کو تختیوں پر اَیسی صفائی سے لِکھ کہ لوگ دَوڑتے ہُوئے بھی پڑھ سکیں۔**

بچو، ایک لمحے کیلیے اس زمین پر جنت کے سال 2023 کے آغاز کو یاد کریں۔ کیا آپ پرجوش تھے؟ کیا آپ نے اس سال کے آخر تک جو کچھ حاصل کرنا چاہتے ہیں اس کا منصوبہ بنایا تھا؟

اب ہم ستمبر میں ہیں۔ کیا آپ وہیں ہیں جہاں آپ نے سوچا تھا کہ آپ ہوں گے؟ کیا آپ پہلے کی طرح اپنے اہداف کی طرف کام کر رہے ہیں؟ بڑے اہداف چھوٹے اہداف سے شروع ہوتے ہیں۔ آپ ایک میل تک نہیں چل سکتے جب تک کہ آپ پہلے چند قدم نہ چلیں۔

اپنے اہداف کیطرف کام کرنے کے اپنے جذبے کی تجدید کے لیے آج ہی فضل حاصل کریں۔ یسوع مسیح کے ساتھ، آپ سب کچھ کر سکتے ہیں! آمین۔

## نبوتی اقرار

**میرے لیے کچھ بھی ممکن ہے کیونکہ میں مسیح کے ذریعے سب کچھ کر سکتا ہوں کیونکہ وہ مجھے طاقت دیتا ہے۔ ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

فِلِپّیوں 4: 13



**متّی 6: 21**

**کیونکہ جہاں تیرا مال ہے وہیں تیرا دِل بھی لگا رہے گا۔**

بچو، اگر آپ اپنےدوست سےپوچھیں کہ ان کیلیےسب سےپسندیدہ چیزکیا ہےجہاں وہ اپنا سب سےذیادہ وقت گزارتےہیں اور وہ آپکوبتائیں کہ فٹ بال کھیلنا، تو وہیں انکا دل ہے۔ بچو یاد رکھیں، آپ اپنا زیادہ تر وقت یا پیسہ جس چیز پربھی خرچ کرتے ہیں، وہیں آپکا دل ہوتا ہے اور اسی لیے یہ (دل) خدا کیساتھ نہیں ہے۔

لہذا اگر آپ فٹ بال کھیلنےمیں وقت گزارنا پسند کرتےہیں یا اپنی جیب خرچ کا زیادہ ترحصہ مٹھائیوں اورکھیلوں پرخرچ کرتےہیں تو آپکا دل وہیں ہے۔ بچو خدا آپکا دل چاہتا ہےاور ایسا کرنےکا بہترین طریقہ یہ ہےکہ آپ اپنی پسندیدہ سرگرمیوں کی بجائےاسکےساتھ زیادہ وقت گزاریں۔ آج ہی خدا کا کلام پڑھ کر، بیگانہ زبانوں میں دعائیں مانگ کر اور اس کی عبادت کرکے، خدا کیساتھ زیادہ سے زیادہ وقت گزارنا شروع کریں،

## نبوتی اقرار

**آج میں نے زندگی کے اس مزید گہرے مرحلے میں خدا کو اپنا دل دینے کا انتخاب کیا ہے ! اور میں پیچھے نہیں ہٹ رہا ہوں۔ میں خدا کیساتھ مزید گہرائی میں جا رہا ہوں! آمین**

**مزید مطالعہ**

متّی 6: 21-19



**تِیمُتھِیُس 2: 13 – 2**

**اگر ہم بے وفا ہو جائیں گے تَو بھی وہ وفادار رہے گا کیونکہ وہ آپ اپنا اِنکار نہیں کر سکتا۔**

بچو، آپ نے آخری بار کب کہا تھا، "اگر تم یہ کرو گے تو میں یہ کروں گا!" اسکول میں ایک دوست کو؟ دوسرے الفاظ میں، آپ کے اعمال دوسرے کے اعمال پر مبنی تھے۔

آج کے کلام میں، ہمیں بتایا گیا ہے کہ اگر ہم وفادار نہیں ہیں، تب بھی خدا وفادار رہے گا۔ خدا کے کردار کو سمجھنا بہت ضروری ہے۔ وہ آدمیوں جیسا نہیں ہے۔ وہ آپ سے محبت کرتا ہے یہاں تک کہ اگر آپ اس سے بدلے میں کبھی محبت نہیں کرتے۔ کیوں؟ کیونکہ وہ آپ اپنا انکار نہیں کر سکتا۔ جیسا کہ آپ خدا کا کلام پڑھتے ہیں، مسیح کا کردار آپ میں پوری طرح سے تشکیل پا رہا ہے۔ خدا کے کلام کا مطالعہ کرنا شروع کریں اور خدا کے ساتھ اپنے تعلقات بڑھائیں۔

## نبوتی اقرار

**یسوع مسیح کا کردار میرے اندر مکمل طور پر تشکیل پا رہا ہے۔ میں ہر طرح سے اُس کی مانند ہوتا جا رہا ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

گلتِیوں 4: 19



**2 - کُرنتھِیوں 4: 18**

**جِس حال میں کہ ہم دیکھی ہُوئی چِیزوں پر نہیں بلکہ اندیکھی چِیزوں پر نظر کرتے ہیں کیونکہ دیکھی ہُوئی چِیزیں چند روزہ ہیں مگر اندیکھی چِیزیں ابدی ہیں۔**

بچو، خیال میں یہ تصویر بنائیں، یہ ایک گرم دھوپ والا دن تھا، اور اولیور اسکول میراتھن (لمبی دوری کی دوڑ) دوڑ رہا تھا۔ اسکے جسم کا ہرحصہ رکنا چاہتا تھا کیونکہ یہ بہت مشکل ہوتاجا رہا تھا۔ وہ تھکا ہوا، پیاسا تھا اور اس نےسوچا کہ وہ فائنل لائن تک نہیں پہنچےگا۔

جیسےہی اس نےاپنےذہن میں فنش لائن کو تصورکرنا اور دیکھنا شروع کیا، اس نےطاقت حاصل کرنا شروع کر دی کیونکہ وہ جانتا تھا، ہر قدم کیساتھ، وہ قریب تر ہوتا جا رہا ہے۔ اس نےاپنی آنکھیں فنش لائن پرجمائیں جسے وہ حقیقی طور پر نہیں دیکھ سکتا تھا۔ بچو، آپکے اردگرد جو نظر آتا ہےاسےمت دیکھیں۔ آگےبڑے ہدف، خواب، اوّلین مقصد کو دیکھنا جاری رکھیں اور آپ اسےضرور حاصل کرینگے !

## نبوتی اقرار

میری نظریں اس پر لگی ہوئی ہیں جو میں حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ کوئی بھی مسئلہ مجھےمیرے خوابوں کےمزید قریب لیجائے گا۔ خداوند یسوع آپکا شکریہ! آمین۔

**مزید مطالعہ**

عِبرانیوں 12: 2-1



**عِبرانیوں 12: 1**

**پس جب کہ گواہوں کا اَیسا بڑا بادل ہمیں گھیرے ہُوئے ہے تو آؤ ہم بھی ہر ایک بوجھ اور اُس گُناہ کو جو ہمیں آسانی سے اُلجھا لیتا ہے دُور کر کے اُس دَوڑ میں صبر سے دَوڑیں جو ہمیں دَرپیش ہے۔**

بچو، کیا آپ نے کبھی کچھ کرنے کی کوشش کی لیکن ایسا لگا کہ آپ موقع گنواتے رہتے ہیں؟ آپ نے کوشش کی اور کوشش کی لیکن یہ کام نہیں کر رہا ہے !

حتیٰ کہ اگر یہ 100 ویں بار ہو، کبھی بھی ہمت نہ ہاریں۔ ہوسکتا ہے 101 ویں بار آپ اسےحاصل کر لیں۔ عظیم مرد اور خواتین کئی بار "ناکام" ہوئے لیکن چونکہ وہ آگےبڑھتے رہے، انہوں نے اپنے مقاصد حاصل کر لیے۔

ناکام" کا سیدھا مطلب ہے، "یہ سیکھنا کہ کیا نہیں کرنا ہے" اس لیے ناکام ہونا دراصل" ناکامی نہیں ہے، یہ سیکھنا ہے۔ کامیابی کا راستہ سیکھیں یسوع کے قادر نام میں۔

## نبوتی اقرار

**میرا دماغ تیار ہے۔ میری نظریں جمی ہوئی ہیں۔ میں توجہ نہیں ہٹاؤں گا یسوع کےقادر نام میں۔ میں سر ہوں دم نہیں، میں کامیاب ہوں ناکام نہیں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

عِبرانیوں 12: 3-1



**تِیمُتھِیُس 2: 3 – 2**

**مسِیح یِسُوعؔ کے اچھّے سِپاہی کی طرح میرے ساتھ دُکھ اُٹھا۔**

واہ، ہمارے پاس آج کتنا زبردست کلام ہے! اس سےہمیں پتہ چلتا ہے، ہم زندگی کےگھرےتر مرحلےمیں ہیں اور بیشمار عجائبات سےلطف اندوز ہو رہےہیں، پریشانی اورمشکلات اب بھی آئیں گی۔ خُدا جانتا تھا، مصلوب زندگی گزارنا آسان نہیں ہوگا، اِس لیے اُس نے مسیح میں، آپکو ایک سپاہی بنایا۔

اب بچو یاد رکھیں سپاہی کام اس لیے نہیں کرتے کہ وہ چاہتے ہیں، بلکہ اس لیے کرتے ہیں کہ انہیں کرنا پڑتا ہے! سپاہی مضبوط رہنےاور مصیبت کےدن کیلیےتیار رہنےکیلیے، جنگ اور امن دونوں میں تربیت کرتےہیں۔ بچو، آپکو بھی خدا کی فوج میں بالکل یہی کام کرنےکی ضرورت ہے۔ چاہے آپ بیمار ہوں یا نہیں تربیت کریں !

اس لیےاگر آپکو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو بھی یاد رکھیں کہ آپ ایک سپاہی ہیں اور فتح آپکی ہے۔ کلام کا مطالعہ کرتےہوئے تربیت جاری رکھیں جسطرح آپ ابھی کر رہے ہیں اورجو کچھ آپ نےسیکھا ہےاس پرعمل کریں۔

## نبوتی اقرار

**میں مسیح میں ایک سپاہی ہوں اور میں یسوع کے نام پر بغیر تیاری کے نہیں رہوں گا۔ آمین !**

**مزید مطالعہ**

تِیمُتھِیُس 2: 4 – 2



**یُوحنّا 14: 27**

**مَیں تُمھیں اِطمِینان دِئے جاتا ہُوں۔ اپنا اِطمِینان تُمھیں دیتا ہُوں۔ جِس طرح دُنیا دیتی ہے مَیں تُمھیں اُس طرح نہیں دیتا۔ تُمھارا دِل نہ گھبرائے اور نہ ڈرے۔**

بچوں تصور کریں، یہ بہت تیز ہوا کا دن تھا اور میکس اسکول جاتے ہوئے بمشکل چل پا رہا تھا، ہوا اتنی تیز تھی۔ اس نے اپنے جسم کو اس رخ پر کھڑا رکھا کہ ہوا اسے اڑا نہ دے ۔ بہت کوشش کیساتھ وہ وقت پر اسکول پہنچا۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ کسی چیز کو قبول کرنے کے ساتھ ساتھ اسے مسترد کرنے کے لیے بھی ایمان کی ضرورت ہوتی ہے؟ خوف آپ کا حصہ نہیں ہے اور جب یہ اپنا بدصورت سر اٹھاتا ہے، تو آپکو خُدا کے کلام پر مضبوط کھڑا ہونا چاہیے اور یسوع کے قادر نام میں اسکا مقابلہ کرنا چاہیے۔ آج ہی اپنی زندگی میں خوف کو مسترد کریں اور وہ اطمینان حاصل کریں جو صرف خداوند دیتا ہے۔

## نبوتی اقرار

**میں خُدا کے اطمینان کا بردار ہوں۔ میں اپنی زندگی میں خوف کو مسترد کرتا ہوں۔ میں اپنی منزل تک پہنچوں گا۔ ہیلیلویاہ !**

**مزید مطالعہ**

عِبرانیوں 11: 24



**عِبرانیوں 12: 2**

**اور اِیمان کے بانی اور کامِل کرنے والے یِسُوع کو تکتے رہیں جِس نے اُس خُوشی کے لِئے جو اُس کی نظروں کے سامنے تھی شرمِندگی کی پرواہ نہ کر کے صلِیب کا دُکھ سہا اور خُدا کے تخت کی دہنی طرف جا بَیٹھا۔**

بچو، اگر آپ نےکبھی ایتھلیٹکس کا کوئی مقابلہ دیکھا ہے، تو آپ نےاس میں حصہ لینےوالے کھلاڑیوں یا خواتین کی آنکھوں پر دھیان اورتوجہ دیکھی ہوگی؟ اگر یہ فائنل ہے، تو توجہ اس سےبھی بڑی سطح پر ہوگی۔ اب ہمارا آج کا کلام یہ بتاتا ہے کہ جب زمین پر، یسوع مسیح نےصلیب پر تکلیف برداشت کرنےکیلیے، اس خوشی کےبارے میں سوچ کر جو خدا نے اسکےسامنے رکھی تھی، انعام پر اپنی نظریں جمائیں۔ برداشت استقامت کا دوسرا لفظ ہے۔

بچوں، توجہ مرکوز کریں، اپنی نظریں انعام پر رکھیں، وہ چیز جو آپ حاصل کرنا چاہ رہےہیں۔ کلام پر یقین رکھیں اور آپ یقیناً گواہی کیساتھ واپس آئیں‌گے !

## نبوتی اقرار

**میرا ذہن مستحکم ہے۔ میری نظریں جمی ہوئی ہیں اورجیسے ہی میں انعام پر توجہ مرکوز کرتا ہوں، میں زمین پر جنت کے اس سال میں ضرور گواہی دوں گا! آمین۔**

**مزید مطالعہ**

عِبرانیوں 12: 3-1



**تھِسّلُنیکیوں 5: 18 - 1**

**ہر ایک بات میں شُکرگُذاری کرو کیونکہ مسِیح یِسُوع میں تُمہاری بابت خُدا کی یہی مرضی ہے۔**

بچو، کیا آپ جانتے ہیں کہ کچھ ثقافتوں میں کسی کی سالگرہ کے موقع پر اسے تحفہ دینا عام بات ہے۔ دنیا کے کئی حصوں میں تحائف موصول ہونے پر شکریہ کہنا بھی عام ہے۔

اگر یہ "عام" ہے یا یہاں تک کہ جب آپ کو کچھ دیا جاتا ہے تو آپ سے شکریہ کہنے کی توقع کی جاتی ہے، تو آپ کو کائنات کے خالق کو ہر اس چیز کیلیے کتنا زیادہ شکریہ ادا کرنا چاہیے جو اس نے آپ کیلیے کی ہے؟ پس بچو، آج سے کوئی بھی دن خداوند کا شکر ادا کیے بغیر گزرنے نہ دیں !

## نبوتی اقرار

**باپ، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آپ عظیم ہیں اور بہت تعریف کے لائق ہیں! ہیلیلویاہ۔**

**مزید مطالعہ**

زبُور 145: 3



**تھِسّلُنیکیوں 5: 18 – 1**

**ہر ایک بات میں شُکرگُذاری کرو کیونکہ مسِیح یِسُوع میں تُمہاری بابت خُدا کی یِہی مرضی ہے۔**

بچو، کیا آپ نے کبھی بیٹھ کر اپنے آپ سے سوالات پوچھے ہیں، "میں یہاں کیوں ہوں؟"، "میرا مقصد کیا ہے؟" اور "میری زندگی کے لیے خدا کی مرضی کیا ہے؟" خیر، یہاں کچھ اچھی خبر ہے! آپ کے لیے خُدا کی مرضی ہر بات میں اُس کا شکر ادا کرنا ہے۔

اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ مشکل وقتوں یا مشکل حالات کے لیے اس کا شکریہ ادا کریں۔ اس کا مطلب ہر حال میں اس کا شکر ادا کرنا ہے۔ دوسرے لفظوں میں، آپ کے حالات کو خدا کی شکرگذاری کرنے سے آپکو روکنے نہ دیں۔ ہر ایک بات میں اس کی شکرگذاری کریں!

## نبوتی اقرار

**میں جانتا ہوں کہ میرے لیے خدا کی مرضی کیا ہے اور میں ہر بات میں اس کی شکرگذاری کرنے کا انتخاب کرتا ہوں۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

تھِسّلُنیکیوں 5: 16-18 – 1



**زبُور 100: 4**

**شُکرگُذاری کرتے ہُوئے اُس کے پھاٹکوں میں اور حمد کرتے ہُوئے اُس کی بارگاہوں میں داخِل ہو۔ اُس کا شُکر کرو اور اُس کے نام کو مُبارک کہو۔**

بچو کیا آپ جانتے ہیں، ہر وہ کار جو اب تک بنائی گئی ہے اس میں داخل ہونے کے لیے ایک کلیدی سیٹ یا فوب ہوتا ہے۔ خُدا کے بیٹے کے طور پر، آپ مسیح میں ہیں اور مسیح آپ میں ہے۔ پھر بھی، شکرگذاری آپ کی ٹول کٹ میں ایک طاقتور ہتھیار ہے کیونکہ یہ خدا کا جلال لاتا ہے اور دشمن کو الجھا دیتا ہے۔

اسکول میں ایک انتہائی مشکل دن گزارنے کا تصور کریں اور اس کے بارے میں شکایت کرنے کے بجائے شکر گذار ہونا جاری رکھیں۔ مشکل حالات میں خُداوند کو مبارک کہنا اور اُس کی حمد کرنا اور خُدا کا شکر ادا کرنا حیرت انگیز کام کر سکتا ہے۔ اس خفیہ ہتھیار کو نظر انداز نہ کریں !

## نبوتی اقرار

**تُو اکیلا خُدا ہے اور تُو حمد کے لائق ہے! میں ہمیشہ اپنے خداوند یسوع مسیح کی تعریف اور شکر ادا کروں گا۔ آمین۔**

**مزید مطالعہ**

زبُور 100: 1-5



**اَعمال 16: 25**

**آدھی رات کے قرِیب پَولُس اور سِیلاؔس دُعا کر رہے اور خُدا کی حمد کے گِیت گا رہے تھے اور قَیدی سُن رہے تھے۔**

بچو آج کا کلام پڑھنے کے بعد ذرا سوچیں، ہم دیکھتے ہیں کہ دو لوگوں کے گانے اور حمد کرنے کی وجہ سے جیل کی کوٹھری میں دھاتی زنجیریں ڈھیلی ہو گئیں۔ بالکل ایسا ہی ہوا جب پولس اور سیلاس دُعا کر رہے تھے اور خُدا کی حمد کے گیت گا رہے تھے۔ زبردست زلزلہ آیا اور جیل کی بنیادیں بھی ہل گئیں، یہ ناقابل یقین ہے !

کیا کوئی پہاڑ ہے جو آپ کو گرانے کی ضرورت ہے؟ دعا کریں اور خُدا کی حمد کریں اور دیواروں کو گرتے ہوئے دیکھیں! خدا کو جلال، آمین۔

## نبوتی اقرار

**تو ایک معجزے کرنے والا خدا ہے۔ تیری بارگاہ میں کوئی پہاڑ کھڑا نہیں ہو سکتا! ! ہیلیلویاہ**

**مزید مطالعہ**

اَعمال 16: 26-25



**فِلِپّیوں 4: 6**

**کِسی بات کی فِکر نہ کرو بلکہ ہر ایک بات میں تُمہاری درخواستیں دُعا اور مِنّت کے وسِیلہ سے شُکرگُذاری کے ساتھ خُدا کے سامنے پیش کی جائیں۔**

کیک کو بیک کرتے وقت، کچھ ایسے اجزاء ہوتے ہیں جنہیں شامل کرنا لازمی نہیں ہوتا کیونکہ اس سے تیار شدہ کیک پر کوئی اثر نہیں ہو گا۔ مثال کے طور پر، کچھ لوگ ونیلا ایسنس، کچھ تھوڑا سا لیموں کا رس اور کچھ ایک خاص قسم کی چینی شامل کرنا پسند کر سکتے ہیں۔

آج کی آیت میں آپ کو کسی بات کی فکر نہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ہر چیز کے بارے میں دعا کرنا اور ہمیشہ شکر گذاری کرنا۔ شکریہ ادا کرنا کوئی آپشن نہیں ہے۔ یہ اضافی نہیں ہے۔ شکرگذاری ایک خفیہ جزو ہے جب آپ کو زندگی میں خدا کا اطمینان مل رہا ہوتا ہے۔ بچو، آج آپ جو بھی کریں، خدا کا شکر ادا کرنا یاد رکھیں۔

## نبوتی اقرار

**چاہے جو بھی ہو، میں ہمیشہ خدا کا شکر ادا کروں گا اور اس کے نام کی حمد کروں گا۔ ! ہیلیلویاہ**

**مزید مطالعہ**

فِلِپّیوں 4: 7-6



**زبُور 136: 1**
**خُداوند کا شُکر کرو کیونکہ وہ بھلا ہے کہ اُس کی شفقت ابدی ہے۔**

جب آپ کوئی کارٹون یا فلم دیکھ رہے ہوتے ہیں تو آپ کو کیسے پتہ چلتا ہے کہ کون سا کردار اچھا ہے اور کون سا کردار برا؟ آپ یہ کردار کی باتوں سے، وہ کیا کرتا ہے اور اس کے دوسروں کے ساتھ برتاؤ سے بتا سکتے ہیں۔

آج کے کلام میں، ہمیں بتایا گیا ہے کہ خدا کا شکر کریں کیونکہ وہ بھلا (اچھا) ہے! اُس کے الفاظ ہمیں بتاتے ہیں کہ وہ بھلا ہے۔ اس نے جو کچھ کیا ہے وہ ہمیں بتاتا ہے کہ وہ بھلا ہے۔ محبت جو اُس نے ہم سے ظاہر کی ہے وہ ظاہر کرتی ہے کہ وہ بھلا ہے! اگر آپ کو خدا کا شکر کرنے کی کوئی وجہ درکار ہے، تو آج ہی اپنے آپ ! کو یاد دلائیں کہ وہ بھلا ہے

## نبوتی اقرار

**میں خداوند کا شکر کرنا پسند کرتا ہوں کیونکہ وہ بھلا ہے اور اس کی رحمت ہمیشہ قائم رہتی ہے! آمین۔**

**مزید مطالعہ**
زبُور 136: 3-1

# My goodnews notes

GoodNews DAILY


Would you like to share your testimony with us?
We would LOVE to hear from you children!
Write to us here:
kids@goodnewsworld.com



## کیا آپ نے ابھی تک یسوع مسیح کو قبول کیا ہے؟

### ہم آپ کو دعوت دیتے ہیں یسوع مسیح کو اس دعا کے ذریعے اپنی زندگی کا خداوند بنائیں؛

"اے خداوند خدا، ا یسوع مسیح کے نام پر آپ کے پاس آتے ہیں۔ میں اپنے پورے دل سے یسوع مسیح، زندہ خدا کے بیٹے، پر ایمان لاتا/لاتی ہوں ۔ میرا ایمان ہے کہ وہ میرے لیے مرا اور خُدا نے اُس کو مُردوں میں سے زندہ کیا۔ میرا ایمان ہے کہ آج وہ زندہ ہے۔ میں اپنے منہ سے اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ یسوع مسیح اس دن سے میری زندگی کا خداوند ہے۔ اُس کے ذریعے اور اُس کے نام میں، میں نے ہمیشہ کی زندگی حاصل کی ہے۔ میں پھر سے پیدا ہوا/ہوئی ہوں۔ خُداوند، میری جان کو بچانے کے لیے آپ کا شکریہ! میں اب خدا کا/کی فرزند ہوں۔ ہیلیلویاہ!"

---

مبارک ہو! اب آپ خدا کے فرزند ہیں۔


TO RECEIVE MORE INFORMATION ON HOW YOU CAN GROW AS A CHRISTIAN PLEASE GET IN TOUCH WITH US ON:

UK: +44 3333 448 612
USA +1 240 781 6942
RSA +27 51 004 0209

WWW.UEBERTANGEL.ORG | WWW.GOODNEWSWORLD.COM

**TheGoodNewsWorld Helplines**

USA: +1 (240) 781-6942

UK: +44 333 344 8612

RSA: +27 (51) 004-0209

www.goodnewsworld.com